کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ فرزندِ کشمیر

کوئٹہ — راولاکوٹ

بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد18 | ہفتہ | 24 اکتوبر 2026ء | 12 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 502

گوادر بھارتی سرپرستی میں دہشتگردی کی کوشش ناکام، کلیئرنس آپریشن، 10 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں کے حملے میں ایک شہری شہید اور چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے، گوادر میں آپریشنز کے دوران سیکیورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

گوادر میں آپریشنز مکمل کر کے امن وامان اور ریاستی عملداری بحال کر دی گئی ہے، خاتون کو حملے میں زبردستی استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے منافی ہے، حکام

دہشت گردوں کا مقصد بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا تھا، عزمِ استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے گوادر، گبد بارڈر کراسنگ اور گوادر شہر میں بھارتی سرپرستی میں دہشت گردی کی کوشش ناکام بنا دی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے گوادر شہر اور گردونواح میں کلیئرنس آپریشن کے دوران خاتون دہشت گرد سمیت 10 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں کے حملے میں ایک شہری شہید اور چند گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے، گوادر میں آپریشنز کے دوران سیکیورٹی فورسز کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا کہ گوادر میں آپریشنز مکمل کر کے امن وامان اور ریاستی عملداری بحال کر دی گئی ہے، خاتون کو حملے میں زبردستی استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے منافی ہے، دہشت گرد بلوچ خواتین کو پروپیگنڈے اور عوامی جذبات بھڑکانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردوں کا مقصد بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا تھا، (بقیہ 1صفحہ 3پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے امریکہ سے آئے ہوئے مہمان تنویر احمد ملاقات کر رہے ہیں

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سرفراز بگٹی

بلوچستان میں بدامنی پھیلانے اور صوبے کی تعمیر وترقی کے عمل کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دی جائیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے اور کارروائی کے دوران سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جرات اور عزم کو سراہا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور موثر کارروائی کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ بلوچستان میں بدامنی پھیلانے اور صوبے کی تعمیر وترقی کے عمل کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کامیاب نہیں ہونے دی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے اور ترقیاتی و معاشی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر اپنے مقاصد میں ناکام رہیں گے۔ بلوچستان امن، استحکام اور خوشحالی کی جانب گامزن ہے اور اس سفر کو روکنے کی کسی بھی کوشش کا موثر جواب دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر اہلکار ملک وصوبے کے امن کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان کی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ میر سرفراز بگٹی نے (بقیہ 36صفحہ 3پر)

پاکستان جرمنی کو یورپ میں اپنا اہم شراکت دار سمجھتا ہے، آصف علی زرداری

صدر کا پاکستان اور جرمنی کے درمیان موجودہ سیاسی، اقتصادی اور دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے دستیاب امکانات سے بھرپور استفادے کی ضرورت پر زور

برلن (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور جرمنی کے درمیان موجودہ سیاسی، اقتصادی اور دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے دستیاب امکانات سے بھرپور استفادے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان مسلسل تعمیری روابط کے ذریعے موجودہ تعلقات کو مزید مضبوط، مستحکم اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لیے تیار ہے۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار برلن میں جرمن صدر فرینک والٹر شٹائن مائر سے ملاقات کے دوران کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے جرمن صدر کا دورے کی دعوت دینے اور اپنے وفد کے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ جرمنی کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا عکاس ہے۔ انہوں نے اس امر کا (بقیہ 42صفحہ 3پر)

نظام کی تبدیلی کیلئے عملی مخلصانہ جدوجہد کی ضرورت ہے، سراج الحق

نظام کی تبدیلی کیلئے مخلصانہ عملی جدوجہد نہیں کریں گے تو تباہی وبربادی مقدر بنے گی، جماعت اسلامی کے سابق امیر

کوئٹہ (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ نظام کی تبدیلی کیلئے عملی مخلصانہ جدوجہد کی ضرورت ہے نظام کی تبدیلی کیلئے مخلصانہ عملی جدوجہد نہیں کریں گے تو تباہی وبربادی مقدر بنے گی۔ عدالتوں میں انگریز کا تعلیمی اداروں میں لارڈ میکالے کا نظام نہ پارلیمنٹ میں نہ عدالت میں نہ معیشت اسلام ہر طرف غیروں بے دینوں کا نظام چل رہا ہے۔

وزیرِ داخلہ کا گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو بروقت کارروائی کرکے ناکام بنانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر اور ناز ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کا حملہ ناکام بنانے اور 7 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، مستعدی اور غیر متزلزل عزم کو زبردست خراج (بقیہ 10صفحہ 3پر)

پاکستان کی بڑھتی ہوئی سیاحتی صنعت مالدیپ کے تجربے سے استفادہ کر سکتی ہے، جام کمال

پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے وسیع مواقع موجود ہیں، وزیرتجارت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان نے پاکستان اور مالدیپ کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور کاروباری روابط کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مضبوط اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ گزشتہ روز پاکستان مالدیپ بزنس فورم کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان مالدیپ کی بڑھتی مارکیٹ ضروریات پوری کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے خصوصاً غذائی مصنوعات، ادویات، جراحی کے آلات، ٹیکسٹائل اور تعمیراتی سامان کے شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھایا جا سکتا ہے، پاکستان (بقیہ 41صفحہ 3پر)

وزیرخزانہ کی این ڈی ایم اے کے سبکدوش اور نئے چیئرمین سے ملاقات

آفات سے نمٹنے کی تیاری اور موسمیاتی خطرات سے بچاؤ کی صلاحیت بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے سبکدوش چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور نئے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل حسن خٹک سے ملاقات کی جس دوران آفات سے نمٹنے کی تیاری، موسمیاتی خطرات سے بچاؤ کی صلاحیت اور پاکستان میں موسمیاتی تبدیلیوں (بقیہ 14صفحہ 3پر)

پمپ اونرز نے پیٹرول اور ڈیزل کی روزانہ قیمتوں کے تعین پر تحفظات کا اظہار کر دیا

وائس چیئرمین پیٹرول پمپ اونرز نے وزیر پیٹرولیم کو خط لکھ کر ملاقات کے لیے وقت مانگ لیا

اسلام آباد (این این آئی) پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے پیٹرول اور ڈیزل کی روزانہ قیمتوں کے تعین پر تحفظات کا اظہار کر دیا۔ وائس چیئرمین پیٹرول پمپ اونرز نے وزیر (بقیہ 15صفحہ 3پر)

برآمدات میں اضافہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اور خودمختاری کے حصول کیلئے کلیدی اہمیت رکھتا ہے، احسن اقبال

معاشی خودمختاری کے لیے نجی شعبے کو نیٹ ورکنگ، باہمی شراکت داری اور جدت کے فروغ سے برآمدات میں اضافے کے لیے کردار ادا کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ آزمائشوں اور عالمی بحرانوں کے دور میں وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جو خطرات کو مواقع میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستان کو معاشی خودمختاری کی منزل تک پہنچانے کیلئے نجی شعبے کو نیٹ ورکنگ، باہمی شراکت داری اور جدت کے فروغ کے ذریعے ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار سی ای او کلب پاکستان اور ورلڈ سی ای او فورم کے زیر اہتمام منعقدہ ملک کی اہم کارپوریٹ کانفرنس سی ای او سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس میں 500 سے زائد کاروباری رہنماؤں، چیف ایگزیکٹوز، عالمی سرمایہ کاروں، غیر ملکی سفارت کاروں اور خواتین کاروباری شخصیات نے شرکت کی اور معاشی خودمختاری کے عزم کا اعادہ کیا۔ (بقیہ 40صفحہ 3پر)



صوبائی وزیر صنعت وحریف سردار کوہیا خان ڈومکی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس سبی کی نئی عمارت کا افتتاح کر رہے ہیں

جامعہ تربت کے یونیورسٹی ماڈل اسکول کے بورڈ آف ٹرسٹیز کا اجلاس: جدید ٹیکنالوجی اور اقدار پر مبنی تعلیم کی فراہمی کا عزم

تربت (این این آئی) جامعہ تربت کے یونیورسٹی ماڈل اسکول کے بورڈ آف ٹرسٹیز کا تیسرا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسکول کے مالی امور، رجسٹریشن اور اس کو مزید وسعت دینے کے علاوہ عملے کی فلاح و بہبود کا جائزہ لیا گیا اور اسکول کی تیز رفتار ترقی کے لیے لائحہ عمل کی منظوری دی

مسئلہ کشمیر کا حل علاقائی اور عالمی امن کیلئے ناگزیر ہے، افتخار گیلانی

پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں، اسلامی، نظریاتی اور روحانی ہے، بیرسٹر افتخار گیلانی

اپنے مسائل کے حل کیلئے جمہوری و انتخابی عمل اور اپنے منتخب نمائندوں پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہیں، کشمیری عوام کی ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

مظفرآباد (این این آئی) وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیا میں نیوکلیئر فلیش پوائنٹ ہے جس کا حل علاقائی اور عالمی امن کیلئے ناگزیر ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم آزاد کشمیر سے ٹینٹل سکیورٹی اینڈ وار کورس کے وفد نے خصوصی ملاقات ہوئی، جس میں وزیراعظم آزاد کشمیر نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا اور دونوں کے مابین اٹوٹ رشتے پر زور دیا۔ اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ بھارتی حکومت نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں وکشمیر (IIOJK) کے نہتے عوام پر ناقابل بیان اور بہیمانہ مظالم کی انتہا کر دی ہے، مسئلہ کشمیر کا پرامن اور دیرپا حل صرف اور صرف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کی روشنی میں ہی ممکن ہے، (بقیہ 2صفحہ 3پر)

وزیراعظم نے کسان دوست اقدام اٹھاتے ہوئے 2027 کیلئے گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کر دی

گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ کا کلیدی فیصلہ ملکی غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے، مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور زرعی شعبے میں استحکام کیلئے پیش رفت ثابت ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کسان دوست اقدام اٹھاتے ہوئے 2027 کیلئے گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کر دی، پیداواری لاگت میں اضافے کے پیش نظر گزشتہ برس کی بہ نسبت قیمت میں 1000 روپے فی من اضافہ کیا گیا، صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور قائد محمد نواز شریف کی رہنمائی اور وزرائے (بقیہ 17صفحہ 3پر)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے نارتھ امریکہ آپریشن سے الوارِیز اند مارسل کے مینجنگ ڈائریکٹر پیٹر بریجر ملاقات کر رہے ہیں

یومِ تاسیس آزاد کشمیر، قربانیوں اور حقِ خودارادیت کی جدوجہد کی تجدید کا دن ہے، نجیب خان

تحریکِ آزادی کشمیر کا بنیادی مقصد ابھی تکمیل طلب ہے، ہمیں مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی جدوجہد کو فراموش نہیں کرنا چاہئے، صدر آزاد کشمیر

مظفرآباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر یوم تاسیس ہماری تاریخ میں محض ایک یادگار دن نہیں بلکہ قربانی، عزم، حوصلے اور آزادی کیلئے ہمارے اسلاف کی بے مثال جدوجہد کی روشن علامت ہے۔ 24 اکتوبر 1947 کو آزاد حکومتِ ریاست جموں وکشمیر کا قیام ہمارے آباؤاجداد کی ان عظیم قربانیوں کا ثمر تھا جو انہوں نے آزادی، عزتِ نفس اور حقِ خودارادیت کے حصول کیلئے پیش کیں۔ یوم تاسیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں صدر آزاد کشمیر نے شہدائے آزادی، مجاہدین اور بانیانِ آزاد کشمیر (بقیہ 35صفحہ 3پر)

رانا ثنا نے اپوزیشن لیڈر سے وزیراعظم کے خط کا جواب دینے کی گزارش کر دی

پاکستان میں ضرورت مند اور غربا کی مدد کرنے کا رجحان موجود ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر سے گزارش ہو گی کہ وہ وزیراعظم کے خط کا جواب دیں، میری گزارش ہو گی کہ اپوزیشن لیڈر وزیراعظم سے ملاقات کریں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں رانا ثنااللہ نے کہا کہ ملاقاتوں میں انا اور ضد کا معاملہ نہیں ہے، یہ قومی مسئلہ ہے جو سنجیدگی کا (بقیہ 3صفحہ 3پر)

فیڈرل بی ایریا میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے راہگیر جاں بحق، مقدمہ متاثرہ شہری دانش اقبال کی مدعیت میں درج

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بی ایریا بلاک 22 شفیق موڑ کے (بقیہ 4صفحہ 3پر)

امریکی سفارتخانہ، یو ایس ای ایف پی کی عمارت میں قائم کی گئی نئی گیلری میں پہلی شاہکار فنکار ایلومنائی آرٹسٹ نمائش کا افتتاح

گیلری میں منعقد کی جانے والی پہلی انفرادی نمائش لاہور سے تعلق رکھنے والی آرٹسٹ مینا ہارون کے فن پاروں پر مشتمل ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) امریکی سفارتخانے، یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان یعنی یو ایس ای ایف پی اور پاکستان یو ایس ایلومنائی نیٹ ورک کی جانب سے اسلام آباد میں یو ایس ای ایف پی کی عمارت میں قائم کی گئی نئی گیلری میں پہلی شاہکار فنکار ایلومنائی آرٹسٹ نمائش کا افتتاح کیا گیا۔

بلوچستان کے این ایچ اے کے ٹھیکیداروں کو بقایا ادائیگیوں کی بندش قابل مذمت ہے، میر عبدالسلام لانگو

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹھیکیداروں کو ادائیگیاں یقینی بنائیں

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر میر عبدالسلام لانگو، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی نے این ایچ اے کے ٹھیکیداروں کو بقایا ادائیگیوں کی بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر عبدالعلیم خان سے فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹھیکیداروں کو ادائیگیاں یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔

کاربن ٹیکس کی رقم کس صوبے کو کتنی مل رہی ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں، شیری رحمٰن

پٹرولیم لیوی پر کاربن ٹیکس عائد کیا جا رہا ہے اور وفاق بلاتعطل یہ رقم وصول کر رہا ہے،

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ کاربن ٹیکس کی رقم کس صوبے کو کتنی مل رہی ہے، کسی کو کچھ معلوم نہیں سینیٹ اجلاس میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کلائمیٹ چینج کمیٹی کے گزشتہ روز ہونے والے اجلاس میں فنانس کے ایڈیشنل سیکرٹری نے اعتراف کیا کہ کاربن لیوی نہ صوبوں کو مل رہی ہے۔

اینٹی نارکوٹکس فورس، اے این ایف اور پولیس نے 1241 ایکڑ رقبے پر کاشت بھنگ کی فصل تلف کر دی

کوئٹہ (این این آئی) ضلع قلعہ عبداللہ میں انسدادِ منشیات مہم 2026 کے تحت بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں تحصیل گلستان اور دوبندی کے مختلف علاقوں میں ضلعی انتظامیہ، (بقیہ 8صفحہ 3پر)

مہاجرین نمائندہ فورم 1989 کا 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے دن احتجاجی ریلی نکالنے کا اعلان، او آئی سی سے مسئلہ کشمیر پر عملی اقدامات کا مطالبہ

احتجاجی ریلی کے ذریعے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام سے اظہارِ یکجہتی اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے عالمی برادری کی توجہ مبذول کرائی جائے گی

مظفرآباد (این این آئی) مہاجرین نمائندہ فورم 1989 نے مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز کی محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں، کشمیری مسافروں کو ہراساں کرنے اور انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) اور مسلم ممالک سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی (بقیہ 7صفحہ 3پر)

غیر جمہوری نظام کیخلاف صف بندی کرنی ہوگی، محمود خان اچکزئی

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ (بقیہ 9صفحہ 3پر)

بلوچستان کے عوام کا سب سے بڑا مطالبہ امن ہے

بے گناہ لاتعلق نوجوان لاپتہ اور زندہ برآمدگی کے بجائے مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر بلوچستان بھر میں بدامنی، بدعنوانی، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری اور ماورائے آئین (بقیہ 6صفحہ 3پر)

منافع بخش سرکاری اداروں میں کے پی ٹی، پورٹ قاسم اور پی این ایس سی سرفہرست 10 اداروں میں شامل

وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے تینوں اداروں کی کارکردگی کو اہم کامیابی قرار دے دیا، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار (بقیہ 13صفحہ 3پر)



صوبائی وزیر صنعت وحریف سردار کوہیا خان ڈومکی سبی میں ایس بی کے کے کنٹریکٹ اساتذہ میں ایکسٹینشن آرڈر تقسیم کر رہے ہیں

صارفین کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے، اویس لغاری

تمام ڈسکوز میں ڈیٹیکشن بلنگ کا نظام مکمل طور پر ڈیجیٹائز، صرف مرکزی پورٹل کے ذریعے ڈیٹیکشن بل جاری کیے جائیں، سردار اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے بجلی تقسیم کارکمپنیوں (ڈسکوز) کی طرف سے ڈیٹیکشن بل کی مد میں بجلی صارفین کو اضافی بل ڈالنے کا سختی سے نوٹس لیا ہے اور ڈسکوز کو متنبہ کیا ہے کہ آئندہ سے کسی بھی صارف کو غلط ڈیٹیکشن بل نہ ڈالا جائے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق جمعہ کو ڈسکوز کے بورڈز آف ڈائریکٹرز کے ساتھ اجلاس میں انہوں نے سخت اور جامع اصلاحاتی فریم ورک کے نافذ کرنے کی باضابطہ ہدایات جاری کر دی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بجلی چوری کی روک تھام بلا شبہ قومی ترجیح ہے لیکن بے گناہ شہریوں پر من مانا بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جاسکتی۔ اس فریم ورک کے تحت فیلڈ عملے کے صوابدیدی اختیارات کو مکمل طور (بقیہ 37صفحہ 3پر)

بدامنی، بدعنوانی ڈیکسیر، ہارڈرز بندش سے سب متاثر ہیں ہر طرف لوٹ مار، بے حسی کا دور دورہ ہے، جماعت اسلامی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی کوئٹہ کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب کے سامنے دھرنا کیمپ لگایا گیا دھرنا کیمپ کے شرکاء نے پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، (بقیہ 11صفحہ 3پر)



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کراچی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

صدر زرداری کے اعزاز میں جرمن وزارت دفاع میں استقبالیہ تقریب، والہانہ استقبال

برلن (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کے اعزاز میں (بقیہ 12صفحہ 3پر)

پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہے، ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ

پاکستان کے ترقیاتی شراکت دار گزشتہ کئی دہائیوں سے پولیو کے خاتمے کے لئے تکنیکی مہارت اور مالی معاونت فراہم کر رہے ہیں، وزیر مملکت برائے صحت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پاکستان پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہے اور اس قومی مقصد کے حصول کے لئے تمام ممکنہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ شکریہ پولیو فرنٹ لائن ورکرز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی محنت، لگن، عزم اور قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

بلوچستان کے محکمہ بلدیات نے نئے بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں شروع کر دیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ بلدیات نے نئے بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں شروع کر دیں، سیکرٹری بلدیات بلوچستان عبدالرؤف بلوچ نے بتایا کہ (بقیہ 5صفحہ 3پر)

پاکستان نے حال ہی میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈز جاری کیے ہیں، اورنگزیب

وزیرِ خزانہ اور ورلڈ بینک کے درمیان معاشی استحکام، اصلاحاتی ایجنڈے اور سرمایہ کاری پر مبنی ترقی کی ترجیحات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک کے مشرقِ وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان کیلئے خوشحالی کے شعبے کے علاقائی ڈائریکٹر، مسٹر سندیپ مہاجن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ورلڈ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر، محترمہ بولورما امگابازار، اور انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن کے ڈویژن ڈائریکٹر، مسٹر سائمن اینڈریوز بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کے معاشی اصلاحاتی ایجنڈے، استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب منتقلی اور سرمایہ کاری و نجی شعبے کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسٹر سندیپ مہاجن نے پاکستان میں معاشی استحکام کی بحالی پر مبارکباد دی اور علاقائی تنازعے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے حالیہ بحران سے حکومت کے موثر طور پر نمٹنے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کی کوششوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مالیاتی تحفظات اور بروقت (بقیہ 38صفحہ 3پر)

بیگم نصرت بھٹو کی بہادری، ہمدردی اور استقامت آج بھی ہمارے لیے مشعل راہ ہیں، جاوید اقبال بڈھانوی

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر خوراک و کے ڈی اے پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما جاوید اقبال بڈھانوی نے مادر جمہوریت محترمہ نصرت بھٹو شہید کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ مادر جمہوریت محترمہ بیگم نصرت بھٹو صاحبہ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کا کرک میں دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں شہید ہونے والے چار پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت

شہید ڈی ایس پی عمران الدین خان، ایس ایچ او افضل اعوان، کانسٹیبل کاظم اور ہیڈ کانسٹیبل امجد کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، چیئرمین پیپلز پارٹی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرک میں دہشت گردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں شہید ہونے والے چار پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید ڈی ایس پی عمران الدین خان، ایس ایچ او افضل اعوان، کانسٹیبل کاظم اور ہیڈ کانسٹیبل امجد کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کارروائی کے دوران بھارتی اسپانسرڈ دو دہشت گردوں کی ہلاکت کو بھی اہم کامیابی قرار دیا۔

تحریک انصاف میں قیادت پر اختلاف نہیں، بیرسٹر گوہر ہی قیادت کریں گے، شوکت یوسفزئی

علی امین گنڈاپور نے مذاکراتی عمل میں شامل کرنے کا مطالبہ کیا ہے، محمود اچکزئی نے بھی لچک دکھائی ہے، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پارٹی میں قیادت کے معاملے پر کوئی اختلاف نہیں، بیرسٹر گوہر ہی پارٹی کی قیادت کریں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور نے مذاکراتی عمل میں شامل کرنے کا مطالبہ کیا ہے، محمود اچکزئی نے بھی لچک دکھائی ہے۔

محمد ہمایوں خان کی کرک میں پولیس پر حملے کی شدید مذمت

پولیس اہلکاروں پر حملہ امن وامان اور عوام کے تحفظ پر مامور فورسز کو نشانہ بنانے کے مترادف ہے، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل محمد ہمایوں خان نے کرک میں پولیس پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس اہلکاروں پر حملہ امن و امان اور عوام کے تحفظ پر مامور فورسز کو نشانہ بنانے کے مترادف ہے۔

ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافہ، سالانہ بنیادوں پر مہنگائی میں اضافے کی رفتار 11.85 ہوگئی

ہفتے میں 19 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 12 اشیا سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں، وفاقی ادارہ شماریات

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں ایک ہفتہ معمولی کمی کے بعد پھر سے مہنگائی کی شرح میں اضافہ ہوگیا ہے اور حالیہ ہفتے پھر ملک میں مہنگائی میں اضافے کی (بقیہ 16صفحہ 3پر)

دہشت گرد جہاں بھی موجود ہوں گے، انہیں سخت جواب دیا جائے گا، فیلڈ مارشل

اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے، آرمی چیف کی کور ہیڈکوارٹرز پشاور کے دورے کے دوران گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ عوام کی حمایت سے دہشت گردوں اور انکے گمراہ کن نظریے کو مکمل شکست دیں گے، دہشت گرد جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں سختی سے نشانہ بنائیں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کور ہیڈکوارٹرز، پشاور کا دورہ کیا، جہاں انہیں موجودہ سیکیورٹی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی جاری کارروائیوں، بارڈر مینجمنٹ کے اقدامات اور صوبے میں تعینات فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے افسران اور دستوں کے اعلیٰ حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے انہیں خطرات کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے چوکس رہنے اور آپریشنل تیاری کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے اس بات پر زور (بقیہ 39صفحہ 3پر)

قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کی ڈی آئی جی خضدار ریجن عمران قریشی سے ملاقات

خضدار (این این آئی) قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی وایم پی اے خضدار میر جھالاوان میر یونس عزیز زہری نے ڈی آئی جی خضدار ریجن عمران قریشی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری نے DIG خضدار عمران قریشی کو خضدار ریجن میں تعیناتی پر خوش آمدید کہا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔



شالی ڈیرہ بگٹی، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR

روزنامہ فرزندِ کشمیر

چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر وپبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391

فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207

نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

مالدیپ کے صدر کا دورہ پاکستان قیادت سے اہم ملاقاتیں

بحرِ ہند کے نیلگوں پانیوں میں بکھرے مرجانی جزیروں پر مشتمل ملک مالدیپ رقبے اور آبادی کے لحاظ سے چھوٹا ضرور ہے مگر جغرافیائی محلِ وقوع، سمندری گزرگاہوں اور سفارتی اہمیت کے اعتبار سے اس کا شمار خطے کے اہم ممالک میں ہوتا ہے۔ پاکستان کے ساتھ اس کے تعلقات دہائیوں پر محیط ہیں اور ان کی بنیاد مشترکہ مذہب، باہمی احترام اور عالمی فورمز پر ایک دوسرے کی حمایت پر ہے۔ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے دورہ اسلام آباد نے ان تعلقات کو ایک نئی جہت دی ہے۔ اس دورے میں 20 مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط ہوئے اور دو سال میں دوطرفہ تجارت کا حجم 13 ملین ڈالر سے بڑھا کر 200 ملین ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا گیا۔ یہ پیش رفت اس بات کی علامت ہے کہ دونوں ملک محض جذباتی وابستگی سے آگے بڑھ کر ٹھوس معاشی اور تزویراتی تعاون کے خواہاں ہیں۔

دونوں ملکوں کے تعلقات کی سب سے مضبوط بنیاد اسلامی بھائی چارہ ہے۔ پاکستان اور مالدیپ دونوں اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے رکن ہیں اور مسلم دنیا کو درپیش مسائل پر ان کا موقف عموماً ہم آہنگ رہا ہے۔ جنوبی ایشیائی تعاون کی تنظیم سارک کے پلیٹ فارم پر بھی دونوں ممالک برسوں سے شریک رہے ہیں۔ مالدیپ نے اس تنظیم کی میزبانی بھی کی جبکہ پاکستان نے ہمیشہ علاقائی تعاون کے اس فورم کو اہمیت دی۔ اقوامِ متحدہ سمیت بین الاقوامی اداروں میں دونوں نے ایک دوسرے کے موقف کو احترام کی نظر سے دیکھا ہے۔ چھوٹے ملکوں کے لیے ایسی سفارتی حمایت غیر معمولی قدر رکھتی ہے اور پاکستان نے ہمیشہ اس اصول کی پاسداری کی ہے کہ ریاستوں کی خودمختاری اور برابری کا احترام ہر حال میں کیا جانا چاہیے۔

معاشی میدان میں ان تعلقات کی صلاحیت ابھی پوری طرح بروئے کار نہیں آئی۔ مالدیپ کی معیشت کا بڑا انحصار سیاحت پر ہے اور اسے خوراک، تعمیراتی سامان، ادویہ، ٹیکسٹائل اور روزمرہ استعمال کی بے شمار اشیا بڑی مقدار میں درآمد کرنا پڑتی ہیں۔ پاکستان زرعی پیداوار، پھلوں، سبزیوں، چاول، گوشت، سمندری خوراک کی پروسیسنگ، دواسازی، کھیلوں کے سامان اور ٹیکسٹائل جیسی مصنوعات میں مسابقتی صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر ان شعبوں میں منظّم کوششیں کی جائیں تو مالدیپ کی منڈی پاکستانی برآمد کنندگان کے لیے ایک مستحکم اور قابلِ اعتماد منزل بن سکتی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا یہ اعلان کہ تجارتی حجم میں اضافے کے لیے کوششیں تیز کی جائیں گی اسی امکان کی نشان دہی کرتا ہے۔

تاہم ہدف کا تعین کافی نہیں، اصل امتحان اس کے حصول کے لیے عملی اقدامات کا ہے۔ تجارتی حجم میں پندرہ گنا کے قریب اضافہ ایک بلند عزم ہے جس کے لیے ٹھوس حکمتِ عملی درکار ہے۔ سب سے پہلے براہِ راست اور باقاعدہ شپنگ اور فضائی رابطوں کو بہتر بنانا ہوگا کیونکہ ترسیل کی لاگت اور وقت تجارت کی راہ میں بنیادی رکاوٹ ہوتے ہیں۔ بینکاری کے نظام اور ادائیگیوں کے طریقہ کار کو آسان بنانا، کاروباری طبقے کے درمیان رابطے بڑھانا اور تجارتی نمائشوں کا انعقاد بھی ناگزیر ہے۔ پاکستان-مالدیپ بزنس فورم اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے جس کے بارے میں مالدیپ کے صدر نے کہا کہ اس سے تجارتی و اقتصادی تعاون کی نئی راہیں کھلیں گی۔ اگر فورم میں ہونے والی گفتگو معاہدوں اور پھر عملی تجارت میں ڈھل جائے تو یہ ہدف حقیقت بن سکتا ہے۔

ان تعلقات کا ایک نہایت اہم پہلو معلومات و مواصلاتی ٹیکنالوجی کا میدان ہے۔ وزیراعظم نے واضح کیا کہ پاکستان مالدیپ کو آئی ٹی کے شعبے میں تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔ دستخط شدہ یادداشتوں میں مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی اور ڈیجیٹل مہارتوں کا ذکر اس شراکت کے مستقبل بیں رخ کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان کے پاس نوجوان اور ہنرمند افرادی قوت موجود ہے اور آئی ٹی برآمدات کا شعبہ حالیہ برسوں میں نمایاں ترقی کر چکا ہے۔ اپنی معیشت کو سیاحت سے آگے متنوع بنانے اور ڈیجیٹل خدمات کو وسعت دینے کے خواہاں مالدیپ کے لیے پاکستان کا تجربہ اور مہارت بے حد مفید ثابت ہوسکتی ہے۔ اسی طرح، پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں کو بھی ایک نئی منڈی اور نئے مواقع میسر آئیں گے۔

صدر آصف علی زرداری نے مالدیپ کے صدر سے ملاقات میں تعلیم، صحت، انسانی وسائل کی ترقی، سماجی تحفظ اور پائیدار ترقی کے شعبوں میں تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ مالدیپ کے طلبہ اور ماہرینِ صحت کے لیے وظائف، تربیتی پروگرام اور اساتذہ و ڈاکٹروں کے تبادلے ایسے اقدامات ہیں جو کم لاگت کے باوجود دیرپا اثرات مرتب کرتے ہیں۔ مالدیپ کے بکھرے ہوئے جزیروں میں صحت کی سہولیات کی فراہمی ایک مشکل چیلنج ہے اور اس میدان میں پاکستان کے تجربے اور افرادی قوت سے استفادہ ممکن ہے۔ عوامی سطح پر ایسے تبادلے دونوں معاشروں کو ایک دوسرے کے قریب لاتے ہیں اور تعلقات کو سرکاری ملاقاتوں سے نکال کر عام شہریوں تک پہنچاتے ہیں۔

موسمیاتی تبدیلی دونوں ملکوں کے لیے مشترکہ تشویش کا موضوع ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی ڈاکٹر معیزو سے ملاقات میں موسمیاتی تبدیلی پر تعاون بڑھانے کا اتفاق اسی مشترکہ مسئلے کا اعتراف ہے۔ عالمی فورمز پر دونوں ملک مل کر ترقی پذیر ممالک کے لیے موسمیاتی انصاف، مالی معاونت اور ماحولیاتی تحفظ کی آواز اٹھا سکتے ہیں جس سے ان کی سفارتی قوت میں اضافہ ہوگا۔

بحری سلامتی اور دفاعی تعاون ان تعلقات کا ایک اور اہم ستون ہے۔ دونوں ملکوں کے لیے سمندری راستوں کا تحفظ، غیر قانونی ماہی گیری، قزاقی اور سمگلنگ کی روک تھام اور سمندری وسائل کی حفاظت مشترکہ مفادات ہیں۔ آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ڈاکٹر معیزو کی ملاقات میں خطے کی سکیورٹی صورتحال، دفاعی تعاون کے فروغ، ادارہ جاتی روابط کی مضبوطی اور پیشہ ورانہ تبادلوں میں اضافے پر زور دیا گیا۔ تربیتی پروگراموں، مشترکہ مشقوں اور استعداد سازی کے ذریعے مالدیپ اپنی سمندری نگرانی کی صلاحیت بہتر بنا سکتا ہے اور پاکستان کو بھی خطے میں اپنے دوست ممالک کے ساتھ شراکت کا موقع ملے گا۔

پاکستان اور مالدیپ کے تعلقات ایک فیصلہ کن موڑ پر کھڑے ہیں۔ دونوں کے درمیان مشترکہ عقیدہ، سفارتی ہم آہنگی اور دیرینہ دوستی کی مضبوط بنیاد پہلے سے موجود ہے اور ڈاکٹر معیزو کے حالیہ دورے نے اس پر تعاون کی نئی عمارت اٹھانے کا موقع فراہم کیا ہے۔ آئی ٹی، تعلیم، صحت، زراعت، سیاحت، بحری سلامتی اور ماحولیاتی تحفظ جیسے شعبے دونوں ملکوں کے عوام کی زندگیوں میں حقیقی بہتری لا سکتے ہیں۔ دو سال میں تجارتی حجم کو 200 ملین ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مشکل ضرور ہے مگر سنجیدہ منصوبہ بندی، نجی شعبے کی شرکت اور سیاسی عزم کے ساتھ ناممکن نہیں۔ اگر دونوں حکومتیں اپنے وعدوں کو عملی جامہ پہنانے میں کامیاب رہیں تو یہ رشتہ نہ صرف دو ملکوں بلکہ پورے خطے کے لیے باہمی تعاون اور مشترکہ ترقی کی ایک روشن مثال بن سکتا ہے۔

خیبر پختونخوا: پی ٹی آئی ارکان کو ''ونڈر بوائے'' کی تلاش

نصرت جاوید

جمعرات کی صبح چھپے کالم میں خیبر پختونخوا اسمبلی کے لیے 2024ء میں عمران خان کے نام پر منتخب ہوئے اراکین اسمبلی کے دلوں میں جگائی امید کا ذکر کیا تھا۔ ان کی اکثریت یہ امید لگائے نظر آرہی ہے کہ اگر وہ سہیل آفریدی کے بجائے کسی اور ''ذمہ دار'' رکن اسمبلی کو وزیر اعلیٰ منتخب کرنے پر متفق ہوجائیں تو 90 دن گزرنے کے بعد صوبائی اسمبلی کو بحال کیا جاسکتا ہے۔ ان کے دلوں میں فطری طور پر امڈی یا وطن عزیز میں سیاسی نقشے بنانے اور بگاڑنے والوں کی جانب سے ابھاری یہ امید میرے جھکی ذہن کو بچگانہ محسوس ہورہی ہے۔

12 اکتوبر 1999ء کی رات ''ہیوی مینڈیٹ'' سے منتخب ہوئے وزیر اعظم نواز شریف کی جانب سے ''برطرف'' کئے جانے کے باوجود ان دنوں کے آرمی چیف سری لنکا سے پی آئی اے کی عام پرواز کے ذریعے پاکستان پہنچنے میں کامیاب ہوگئے تھے۔ ان کی آمد سے قبل ہی ان کے لگائے کمان داروں نے نوازشریف حکومت کو مفلوج بنادیا تھا۔ اپنی آمد کے بعد جنرل مشرف نے اقتدار سنبھال لیا۔ مارشل لاء کے نفاذ کا اعلان کرنے سے گریز کیا اور خود کو چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر بھی ڈیکلیئر نہیں کیا۔ محض آئین کی معطلی کے بعد خود کو ''چیف ایگزیکٹو'' تعینات کردیا۔ نواز شریف کے نامزد کردہ صدر رفیق تارڑ اپنے عہدے پر برقرار رہے۔

نام نہاد پارلیمانی حکومت میں طاقت کا سرچشمہ قومی اسمبلی ہوا کرتی ہے۔ وزیر اعظم کو صرف وہ منتخب یا تحریک عدم اعتماد کے ذریعے برطرف کرسکتی ہے۔ ماضی کے فوجی آمروں کے برعکس جنرل مشرف نے قومی اسمبلی تحلیل کرنے کے بجائے اسے معطل رکھنے کا اعلان کیا۔ قومی اسمبلی کی تحلیل کے بجائے معطلی ایک حیران کن مگر بہت کائیاں چال تھی۔ وہ اسے تحلیل کردیتے تو نئے انتخاب کی تاریخ دینا پڑتی اور نئے انتخاب جنرل مشرف کی ترجیح نہیں تھے۔

اقتدار سنبھالنے کے پانچ دن بعد 17 اکتوبر 1999ء کی شام جنرل مشرف نے قوم سے خطاب کیا۔ اس کے دوران قوم کو ''جعلی نہیں حقیقی جمہوریت'' کی فراہمی کے لیے سات نکاتی ایجنڈے کا اعلان کیا۔ بدعنوان سیاستدانوں کا کڑا احتساب اپنی اولین ترجیح بتائی۔ کڑے احتساب کے ساتھ جمہوریت کو مضبوط بنیادوں پر کھڑا کرنے کے لئے مقامی حکومتوں کے قیام کا وعدہ بھی ہوا۔

جنرل مشرف کا ''سات نکاتی ایجنڈا'' اس خواہش کا واضح اظہار تھا کہ ماضی کے ایوب خان جیسے ''دیدہ وروں'' کی طرح وہ ملک کو ایک نئی سمت کی جانب لے جانا چاہ رہے ہیں۔ اقتدار چھوڑنے کی انہیں جلدی نہیں تھی۔ ان کے ایجنڈے کے سادہ ترین الفاظ میں اظہار کے باوجود 12 اکتوبر 1999ء کے دن ''معطل'' ہوئی قومی اسمبلی کے بے تحاشہ اراکین بضد رہے کہ کیمونزم کو شکست دینے والے امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے ''خوف'' سے جنرل مشرف پاکستان کو مارشل لاء کے تحت چلانا نہیں چاہ رہے۔ انہیں ''جمہوری اداروں'' کا پردہ/چھتری درکار ہے۔ اسی باعث وہ معطل ہوئی قومی اسمبلی کو بحال کرنا چاہیں گے۔ مفروضہ بحالی یقینی بنانے کے لئے مگر معطل ہوئی اسمبلی کی ''ہیوی مینڈیٹ'' والی مسلم لیگ (نون) کے کسی رکن اسمبلی کو نوازشریف کی جگہ نیا قائد ڈھونڈنا ہوگا۔

اپنے دوسرے دورِ اقتدار کے آخری دنوں میں نوازشریف قوم کو ''فوری اور سستے انصاف کی فراہمی کے لئے ''نظامِ شریعت'' متعارف کروانے کو بھی بے تاب ہوگئے تھے۔ ''نظامِ شریعت'' کے نفاذ کی خواہش مجھ جھکی کی نگاہ میں ان کی جانب سے خود کو پاکستان کا ''امیرا لمومنین'' ثابت کرنے کی کوشش تھی۔ مسلم لیگ (نون) کے چند روشن خیال تصور ہوتے اراکین اسمبلی بھی یہ ہی محسوس کرتے تھے۔ خورشید محمود قصوری ان میں نمایاں ترین تھے۔ پارلیمانی پارٹی کے ایک اجلاس میں انہوں نے نفاذ شریعت کے بارے میں تحفظات کا اظہار کیا تو نواز شریف کے ساتھ تلخ کلامی ہوگئی۔ خورشید صاحب نے جلال سے مغلوب ہوکر اپنے ہاتھ سے استعفیٰ لکھنا شروع کردیا۔ انہیں کرنل سرور مرحوم جیسے دوستوں نے روکا۔

قومی اسمبلی کی بحالی کے امیدواروں کو امید تھی کہ خود کو پاکستان کا ممکنہ اتاترک بنا کر پیش کرنے والے جنرل مشرف ''روشن خیالی'' کے اطلاق کے لئے خورشید قصوری صاحب کو وزیر اعظم کے منصب پر فائز دیکھنا چاہیں گے۔ مسلم لیگ (نون) کے اراکینِ اسمبلی کو مگر شکایت تھی کہ وہ ''عوامی'' بندے نہیں ہیں۔ ان کی نگاہ میں لاہور کے میاں اظہر نواز شریف کا مناسب متبادل ہوسکتے ہیں۔ میاں اظہر مرحوم کے نوازشریف کے ساتھ برسوں کے خاندانی مراسم تھے۔ ان مراسم کے باوجود میاں اظہر نواز شریف کے ''آمرانہ رویے'' سے دلبرداشتہ محسوس کرنا شروع ہوگئے تھے۔ ان کی ناامیدی کو بھانپتے ہوئے مسلم لیگ (نون) کے کئی اراکینِ اسمبلی نے ان سے 12 اکتوبر 1999ء سے کئی ماہ قبل ہی خفیہ روابط شروع کردیے۔ نوازشریف کے والد کے احترام میں لیکن میاں اظہر نواز شریف کو کھل کر للکارنے سے گریز اختیار کرتے رہے۔

مسلم لیگ (نون) کے اراکینِ قومی اسمبلی کا گروہ اس گماں میں مبتلا رہا کہ 1985ء کے انتخابات کے بعد قومی اسمبلی کے سپیکر منتخب ہوئے سید فخر امام اپنی اچھی شہرت اور اصول پسندی کی وجہ سے وزیر اعظم چنے جاسکتے ہیں۔ 1985ء کے انتخاب کے بعد مشہور ہوا تھا کہ سندھ کے الٰہی بخش سومرو بھی وزیر اعظم نامزد ہوسکتے ہیں۔ انہیں نظرانداز کرتے ہوئے مگر محمد خان جونیجو کو پیر پگاڑا کی سفارش پر وزیر اعظم کے منصب کے لئے نامزد کردیا گیا تھا۔ 12 اکتوبر 1999ء کو معطل ہوئی اسمبلی کے الٰہی بخش سومرو سپیکر تھے۔ وہ مگر ہر حال میں خوش رہنے کے عادی تھے۔

جو داستان سنائی ہے مقصد اس کا یاد دلانا ہے کہ 12 اکتوبر 1999ء کے بعد ''ہیوی مینڈیٹ'' سے وزیر اعظم رہے نواز شریف کا مشکل کی گھڑی میں ساتھ دینے کے بجائے مسلم لیگ (نون) کے اراکین قومی اسمبلی کی بھاری بھرکم اکثریت ''نئے وزیر اعظم'' کی کھوج میں مصروف ہوگئی تھی تاکہ قومی اسمبلی بحال ہوجائے۔

اپنی جماعت کی اکثریت کی جانب سے بھلادینے کی وجہ سے نواز شریف آسانیوں کی تلاش میں غیر ملکی دوستوں سے روابط کو مجبور ہوئے اور بالآخر سعودی عرب جلاوطنی کی راہ نکالی۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کی معطلی کے بعد عمران خان کے نام پر مذکورہ اسمبلی کے فروری 2024ء کے انتخابات کے نتیجے میں رکن منتخب ہونے والے اراکینِ اسمبلی کی اکثریت بھی ان دنوں اپنے ''قائد'' کے بارے میں اسی انداز میں بیگانہ ہوئی نظر آرہی ہے۔ سہیل آفریدی کو اپنی مشکلات کا یک و تنہا ذمہ دار ٹھہرانے کے بعد بے چینی سے اپنی صفوں میں سے ایسا شخص تلاش کررہی ہے جو ''ان'' کے لئے قابلِ قبول ہو۔ عمران خان کی مشکلات ان لوگوں کا دردِ سر نہیں۔

امداد نہیں، ٹیکنالوجی، تعلیم وتربیت کی ضرورت ہے!

انصب رضا فاطمی

جس معاشرے کے تعلیم یافتہ نوجوانوں میں انسانیت نظر نہ آئے سمجھو وہ ادارے ناکارہ ہوچکے ہیں یا پھر وہاں کے طالب علموں کو تعلیم وتربیت سے کوئی لگاؤ ہی نہیں رہا۔ وہ محض نوکری کے حصول کیلئے تعلیمی ڈگری حاصل کرنا چاہتے ہیں جس کی وجہ سے معاشروں میں زوال پیدا ہوتا ہے اور اسی طرح پاکستان میں ہوا ہے۔ جب تک معیاری تعلیمی اداروں سے فارغ ہونے والے طالبعلموں نے ملک بھاگ دوڑ سنبھالی کسی حد تک ملک کا نظام بہتر انداز میں چلتا رہا ہے لیکن اب تو پورا سسٹم ہی بیٹھ چکا ہے۔ ہر مسئلے کو ڈنڈے سے حل کرنا کسی مہذب معاشرے کا طریقہ کار ہرگز نہیں ہوسکتا۔ ہمیں ملک میں معیاری تعلیمی ادارے بنانا ہونگے جب ہی ہم باصلاحیت نوجوان افرادی پیدا کرکے ملک کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں لاکھڑا کرسکتے ہیں۔ ہمیں محض بیرونی امداد پر انحصار کرنے کے بجائے جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی کے حصول کیلئے جدوجہد کرنا ہوگی۔ ہمیں امداد نہیں ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے۔ ہمارے حکمران اگر امداد کے بجائے ٹیکنالوجی جدید مشینری کو حاصل کرکے اسے قومی ترقی کا ذریعہ بنانا شروع کردیں تو ہم بہت جلد سارے بیرونی قرضے ادا کرسکتے ہیں۔ یہ موجودہ نظام کا ہی کمال ہے کہ طالب علموں کیلئے تعلیم کا حصول شعور وآگاہی وتربیت کے بجائے حصول جاب تک محدود کردیا گیا ہے جس کے باعث ہمارے سماج سے اخلاقیات ختم ہوتی جارہی ہیں۔ قدرے ختم ہوچکی ہیں۔ ہمارے نظام تعلیم میں بے شمار خرابیوں کے باعث ہمارا سماج زوال پذیر ہوچکا تعلیم کو محض جاب کے حصول تک محدود کرنے کی وجہ سے اب کتابیں پڑھنے کا رجحان بھی ختم ہوتا جارہا ہے بچی کچھی کسر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے پوری کردی ہے۔ ہمارے سماج کی حالت یہ ہوچکی ہے کہ کتابیں مفت میں بٹ رہی ہیں لیکن پھر بھی لوگ اسے پڑھنے کیلئے تیار نہیں ہیں آج کا نوجوان انٹرنیٹ پر غلط معلومات تو پڑھنے کیلئے تیار ہے لیکن ایک جامع اور حق پر مبنی آسمانی کتاب قرآن مجید کو پڑھنے اور سمجھنے کیلئے تیار نہیں جو انتہائی افسوسناک عمل ہے۔ حکومت نے سرکاری اسکول فری تو کردیئے لیکن اس پر توجہ دینے کی وجہ سے ان حالت اب یہ ہوچکی ہے اس موقع پر یہ بات بڑی تلخ ہے لیکن حقیقت پر مبنی ہے کہ مفت کی چیز کا انجام وہی ہوتا ہے جو آج ہمارے سرکاری اسکولوں میں تعلیم کا ہورہا ہے۔ اب تو یہ سوچتے ہوئے بھی خوف محسوس ہوتا ہے کہ جس قوم کے چہرے پہ علم کی خوشبو سونگھنے کیلئے ناک اور سننے کی بصارت کیلئے کان ہی نہ ہو اور کوئی انہیں تعلیم وتربیت سے آراستہ کرنا چاہے تو اس قوم کو علم کے زیور سے آشنا کرنے کی راہ میں کتنی تکالیف اور مصائب بیٹھے اس کا انتظار کررہے ہونگے؟ اور پھر ہمارا سماج تو وہ حمام بن چکا ہے جہاں سب ہی ننگے ہیں اور ان حالات میں اگر میں یا میرا جیسا کوئی بھی شخص عقل پر پڑے سیاہ پردے ہٹانے کی کوشش کرے گا تو وہ اپنی جان کی آمان پاسکے گا؟ معذرت کے ساتھ ہم جس معاشرے میں جی رہے ہیں وہاں کتابیں فٹ پاتھ پر پھینک دی جاتی ہیں لیکن اسی معاشرے میں جوتے قیمتی ریکوں میں سجا کر رکھے جاتے ہیں پاکستانی ایک ایسی قوم (اگرچہ ابھی تک قوم نہیں) بن سکے ہیں جس سماج میں 100 روپے کی کتاب تو مہنگی لگتی ہے لیکن 5 ہزار کا جوتا مناسب دکھائی دیتا ہے اور پھر جوتوں میں کتاب پر جوتے کو ترجیح دیں ان پر رشوت خور کلرک اور کرپٹ سیاستدان مسلط کردیئے جائے تو پھر یہ قدرت کا قانون کہلائے گا یا انتقام؟ اس کا فیصلہ بھی آپ خود کرلیں۔ بدقسمتی سے آج ہمارا سماج جس ڈگر پر گامزن ہے اس راہ میں سوائے تباہی وبربادی کے کچھ حاصل نہیں ہوسکتا۔ آج موت عام اور انسانی خون بہانا بہت سستا ہوچکا ہے معمولی سے موبائل کی خاطر ایک انسان دوسرے انسان کی جان لے لیتا ہے ایک بائیک کے چکر میں انسان دنیا سے چلا جاتا ہے ایک پرس اور معمولی زیور کی خاطر ایک عورت بھرے بازار میں اپنی عزت بچاتے ہوئے قیمتی چیزوں سے محروم ہوجاتی ہیا یک ماں اپنے بیٹے کو اپنے سامنے مرتا دیکھ رہی ہے اس پر کیا گزر رہی ہوگی؟ یہ تو بیان کرنے سے میرا قلم قاصر ہے اگرچہ ہر انسان پیدا ہی مرنے کیلئے ہوتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوسکتا کہ کسی بھی انسان کی جان لے جائے اور وہ بھی معمولی سی رقم اور معمولی سے جھگڑے کی بنیاد پر؟ اس قسم کے اقدام کی نہ تو دین اسلام میں اجازت ہے اور نہ ہی کسی سماج میں ایسا کوئی قانون رائج ہے شاید اس قسم کا قانون تو جنگل میں بھی رائج نہیں ہوگا جو قانون ہمارے معاشرے کا جز بن چکا ہے۔ جب حکومتیں تعلیمی ادارے اور صحت کے مراکز تعمیر کرکے سمجھتی ہیں کہ انہوں نے اپنا فرض ادا کردیا ہےجب چیک اینڈ بیلنس نہیں ہوگا تو یہی انجام ہوگا جو آج ہمارے معاشرے میں نظر آرہا ہے۔ حالانکہ صرف ادارے قائم کرلینے سے حکومت کا فرض پورا نہیں ہوتا بلکہ انہیں بہترین طریقے سے چلاکر اس کے فوائد اور ثمرات ہر شخص تک پہنچانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کی حالت زار دیکھ کر افسوس ہوتا ہے جن معاشروں میں انسانوں کو صحت اور تعلیم جیسی بنیادی ضروریات میسر نہ ہوں وہ ریاست کیسے ترقی کرسکتی ہے؟ ترقی کرنے کیلئے تعلیم اور صحت کے مراکز کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا ہوگا ان دونوں بنیادی اداروں میں سخت چیک اینڈ بیلنس کا نظام رائج کرکے انہیں اپنی پوری استعداد سے چلانے کی ضرورت ہے جب کہیں جاکر ہماری نئی نسل میں ایسے افراد سامنے آئیں گے جو نہ صرف ذہنی طور پر صحت مند ہونگے بلکہ اچھی تعلیم کے باعث وہ معاشرے میں مثبت تبدیلیوں کو یقینی بنانے کیلئے اپنا کردار بھی ادا کریں گے جب بنیادی طور پر عوام کو صحت اور تعلیم کے اچھے مواقع میسر نہیں آئیں گے تو وہ کس طرح اپنی اپنے خاندان اور ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کریں گے اس کیلئے ضروری ہے کہ ہمارے موجودہ نظام کو تبدیل کیا جائے اور اسی طرح تعلیم اور صحت کے شعبوں میں بڑے پیمانے اصلاحات لانے کی ضرورت ہے الغرض ہر شعبہ ہائے زندگی اس وقت شدید بدانتظامی کا شکار ہے اور کارکردگی انتہائی خراب ہے جسے درست کرنا نہ صرف حکومتوں کی اولین ذمے داری ہے بلکہ ہر شخص کو اس مقصد کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اس عمل کے بغیر اپنی خاندان اور ملک کی تعمیر وترقی کو بنیادی اصولوں کے مطابق ڈھالنا ممکن نہیں۔ تاہم موجودہ صورتحال کو بدلنے کی اشد ضرورت ہے۔

یتیم خانہ

عبداللہ طارق سہیل

15 سالہ یتیم بچے وسیم عباس کا قاتل ایک پولیس مقابلے میں مارا گیا۔ لوگوں نے یہ خبر سنی اور خوش ہوئے۔ جذبات میں ابال کی جو لہر عوام میں آئی ہوئی تھی، وہ پلٹ گئی، حکومت نے اطمینان کا سانس لیا۔ تین دن پہلے شروع ہونے والی کہانی مکمل ہو گئی۔

آئندہ کیا ہوگا؟۔ یہی کچھ ہوتا رہے گا؟۔ یعنی جس واردات کو عوامی توجہ مل گئی، اس کے ذمہ دار کو مقابلے میں پار کردیا جائے گا ___ یا ___ انصاف کے نظام کی بحالی پر بھی کوئی توجہ دی جائے گی؟۔ بظاہر اور حالات سے لگتا ہے کہ یہ کام تو نہیں ہوسکتا۔ عدالتی نظام اسی طرح رہے گا، مجرم فرینڈلی، انصاف کش، ظالم کا سرپرست!

وسیم کے قاتل کو ملتان کی عدالت میں پیش کیا گیا تو وکلا کے جذبات قابل دید اور قابل داد تھے۔ قاتل سے اتنی نفرت، مظلوم سے اتنی ہمدردی۔ مرحبا۔ کیا وجہ ہے کہ اتنے اچھے وکیل جب جج بنتے ہیں تو دوسرا روپ دھار لیتے ہیں۔ لوگ کہتے ہیں، جب تک عدلیہ کا موجودہ نظام ہے، جرم ہوتے رہیں گے، انصاف نہیں ملے گا۔

ایک سوال کا جواب صورتحال کو سمجھانے کیلئے کافی ہے۔ وسیم عباس کا قاتل توقیر اگر کسی ''بڑے'' کا صاحبزادہ ہوتا، تب بھی پولیس مقابلے میں مارا جاتا؟۔ جواب بتانے کی ضرورت نہیں، سب کو جواب کا علم ہے اور جواب کے درست ہونے کا بھی پتہ ہے۔

وسیم کی طرح کی ایک یتیم بچی، بانڈڈ لیبر اور چائلڈ لیبر کا شکار، 12 سالہ زینب ڈنڈے مار مار کر ہلاک کردی گئی۔ یہ واقع کل یعنی وسیم کے قتل کے دوسرے روز، شیخوپورہ میں پیش آیا۔ وسیم سے بھی تین سال چھوٹی یہ یتیم بچی چار ہزار روپے ماہانہ تنخواہ پر شیخوپورہ کی ایک قصاب فیملی کے گھر ملازم تھی۔ صبح سے رات گئے تک گھر کے سارے کام کرنے کے علاوہ سب سے ہر روز بلاناغہ پٹنا بھی اس کے فرائض منصبی میں شامل تھا۔ کل کام کرتے ہوئے اس کے ہاتھ سے برتن ٹوٹ گیا۔ قصاب کی بیوی فرخندہ رفاقت اور اس کے بیٹے علی حیدر نے پہلے اس کی ہاتھوں سے مرمت کی۔ لاتعداد گھونسے، ان گنت تھپڑ اور بے شمار ٹھڈوں سے بھی قیمتی برتن ٹوٹنے کا صدمہ دور نہ ہوسکا تو ڈنڈا اٹھا لیا، اتنا مارا کہ اس کی ہڈیاں ٹوٹ گئیں، آخر وہ مرگئی۔

پنجاب میں بانڈڈ لیبر اور چائلڈ لیبر، انسانی حقوق کے اداروں کے مطابق حد وحساب سے باہر ہوچکی ہے، یہ کام دھڑلے سے ہوتا ہے، اس لئے کہ پوچھنے والا کوئی نہیں، سزا دینے والا بھی کوئی نہیں۔ بارہ سال کی بچی، 18 گھنٹے کی روزانہ کی ڈیوٹی اور چار ہزار روپے تنخواہ اور آخر میں اذیت ناک موت۔ وسیم کی جان ڈیڑھ منٹ میں نکل گئی تھی، زینب کو مرتے مرتے، ایک گھنٹہ تو لگا ہوگا۔ وسیم کی طرح یہ قتل ہائی پروفائل نہیں بنا۔ چنانچہ فرخندہ قصابن کے پولیس مقابلے میں مارے جانے کا کوئی اندیشہ نہیں۔

اسی شیخوپورے میں ایک دس سالہ بانڈڈ لیبر، چائلڈ لیبر ایمان فاطمہ کو ڈنڈوں سے اتنا مارا گیا کہ اس کا بازو ٹوٹ گیا۔ بازو توڑنے والے کا نام وارث ہے۔ زینب کی عمر بارہ سال تھی، اس کی تنخواہ چار ہزار روپے ماہانہ تھی، ایمان اس سے دو سال چھوٹی ہے، اس کی تنخواہ ساڑھے تین ہزار کے آس پاس ہوگی؟

ایک معاصر نے تازہ اعداد وشمار کے حوالے سے اپنے صفحہ اوّل پر یہ خبر چھاپی ہے کہ پاکستان میں بے روزگار نوجوانوں کی تعداد 80 لاکھ ہوگئی ہے اور یہ کہ نوجوانوں کی 33 فیصد تعداد بے روزگار ہے۔ خبر کے آخر میں لکھا ہے کہ بڑھتی ہوئی بے روزگاری کی وجہ ماہرین نے معاشی سست روی کو قرار دیا ہے۔ خبر کا یہ آخری فقرہ مبنی برحقیقت نہیں ہے کیونکہ پاکستان میں معیشت کی ''روی'' رہی ہی نہیں ہے، اس کے ست ہونے کا لاحقہ کہاں سے لاحق کردیا گیا۔ روی ہوتی تبھی پتہ چلتا کہ وہ ست ہے یا چست۔

خبر میں ہے کہ سندھ میں بے روزگار نوجوانوں کی تعداد دس لاکھ اور پنجاب میں 35 لاکھ ہے۔ پنجاب سندھ سے دوگنا بڑا صوبہ ہے، اس طرح یہاں بے روزگاروں کی تعداد 20 لاکھ ہوتو یہ سندھ کے برابر بنتی ہے لیکن یہاں 20 نہیں، 35 لاکھ بے روزگار ہیں، یعنی سندھ سے لگ بھگ دگنی شرح ہے۔

اسی سے کچھ ہفتے پہلے یہ رپورٹ آئی تھی کہ پنجاب میں غربت اور ناخواندگی بھی، غیر متناسب حد تک، باقی صوبوں سے بڑھ گئی ہے، پنجاب بڑا بھائی ہے، اس کے بڑا پن کے یہ بڑے بڑے پہلو قابل ملاحظہ ہیں۔

ایک بڑے اردو اخبار کے کراچی ایڈیشن میں یہ خبر چھپی ہے (اور لاہور ایڈیشن سے غائب ہے) کہ پاکستان میں یتیم بچوں کی تعداد 46 لاکھ ہے۔ رپورٹ نیشنل کمشن آف دی رائٹس آف چائلڈ کے حوالے سے چھاپی گئی ہے۔ مزید لکھا ہے کہ ان بچوں کا قومی سطح پر کوئی باضابطہ ریکارڈ نہیں ہے چنانچہ ان بچوں کے حقوق، ان کے تحفظ اور سلامتی کے بارے میں بھی کسی کو کچھ پتہ نہیں۔

معاملہ بہت لمبی چوڑی بحث کا ہے کہ اس کے ان گنت پہلو ہیں فی الحال صرف ایک نکتہ دیکھئے۔ یہ کہ یہ تعداد بہت زیادہ ہے۔ دنیا کے بہت سے ممالک سے زیادہ، صرف تعداد نہیں، شرح بھی بہت زیادہ ہے۔ وجہ اس کی یہ بھی ہے کہ پاکستان میں مختلف قسم کے حادثات، قتل کی وارداتوں اور بیماری وغیرہ سے ہونے والی غیر قدرتی اموات کی شرح دنیا کے بہت سے ممالک سے زیادہ ہے۔ جب اتنے زیادہ لوگ غیر قدرتی موت مریں گے تو بچے بھی بہت زیادہ یتیم ہوں گے۔ سہولتوں اور حقوق کے حوالے سے تو ہم پہلے ہی اپنی ذات میں ''یتیم خانہ'' ہیں۔

بڑھتی ہوئی آبادی اور انتظامی اصلاحات

خالد بیگ

پاکستان میں انتظامی اصلاحات کے لیے مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانا ایک بنیادی قدم ہونا چاہیے۔ مقامی نمائندے اپنے علاقوں کے مسائل سے زیادہ واقف ہوتے ہیں اور عوام تک نسبتاً آسانی سے رسائی رکھتے ہیں۔ اگر انہیں مناسب اختیارات اور مالی وسائل فراہم کیے جائیں تو وہ مقامی ضروریات کے مطابق بہتر فیصلے کرسکتے ہیں۔ بلدیاتی اداروں کو پانی، صفائی، مقامی سڑکوں، نکاسی آب اور دیگر شہری سہولتوں کے معاملات میں موثر کردار ادا کرنے کے قابل بنانا چاہیے۔ اسی طرح دیہی علاقوں میں مقامی اداروں کو تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کی ضروریات متعلقہ صوبائی محکموں کے ساتھ مل کر پوری کرنے کے لیے بہتر مواقع فراہم کیے جاسکتے ہیں۔ تاہم، اختیارات کی منتقلی کے ساتھ شفافیت اور جواب دہی بھی ضروری ہے۔ مقامی حکومتوں کے بجٹ، ترقیاتی منصوبوں اور اخراجات کی باقاعدہ نگرانی ہونی چاہیے تاکہ عوامی وسائل کا درست استعمال یقینی بنایا جاسکے۔ اس طرح مقامی حکومتیں محض رسمی ادارے بننے کے بجائے عوامی مسائل کے حل میں حقیقی کردار ادا کرسکیں گی۔

بڑھتی ہوئی آبادی اور وسیع جغرافیائی علاقوں کے باعث نئے صوبوں، ڈویژنوں یا اضلاع کے قیام کی تجاویز بھی سامنے آتی رہتی ہیں۔ بعض حالات میں نئے انتظامی یونٹس قائم کرنے سے حکومتی خدمات کی فراہمی بہتر ہوسکتی ہے اور دور دراز علاقوں کے مسائل پر زیادہ توجہ دی جاسکتی ہے۔ تاہم، نئے انتظامی یونٹس بنانا ایک پیچیدہ معاملہ ہے۔ اس کے لیے مالی وسائل، سرکاری دفاتر، عملے، بنیادی ڈھانچے اور انتظامی اخراجات کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ اگر مناسب منصوبہ بندی کے بغیر نئی انتظامی حدود قائم کی جائیں تو اخراجات بڑھ سکتے ہیں، اداروں کے درمیان اختیارات کا ٹکرا پیدا ہوسکتا ہے اور مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوں گے۔ اس لیے کسی بھی تبدیلی کا فیصلہ سیاسی مفادات کے بجائے عوامی ضروریات، معاشی امکانات، جغرافیائی حالات اور انتظامی کارکردگی کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ جہاں نئے انتظامی یونٹس واقعی فائدہ مند ہوں، وہاں شفاف طریق کار اور متعلقہ آئینی تقاضوں کے مطابق پیش رفت کی جاسکتی ہے۔ دوسری طرف، جہاں مسائل اختیارات کی کمی یا اداروں کی کمزوری کے باعث پیدا ہورہے ہوں، وہاں موجودہ نظام میں اصلاحات زیادہ موثر ثابت ہوسکتی ہیں۔

جدید ٹیکنالوجی انتظامی اصلاحات کو موثر بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ ڈیجیٹل نظام کے ذریعے سرکاری ریکارڈ محفوظ کیا جاسکتا ہے، شہریوں کی شکایات درج کی جاسکتی ہیں اور مختلف علاقوں کی ضروریات کا درست اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ آبادی، تعلیم، صحت، روزگار، پانی اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق تازہ اعداد وشمار حکومت کو بہتر فیصلے کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ اگر کسی ضلع میں آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہو تو اعداد وشمار کی مدد سے پہلے ہی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ وہاں مزید اسکولوں، اسپتالوں، سڑکوں اور پانی کی سہولتوں کی ضرورت ہوگی۔ اسی طرح آن لائن سرکاری خدمات کے ذریعے شہریوں کو ہر کام کے لیے دور دراز دفاتر جانے کی ضرورت کم کی جاسکتی ہے۔ تاہم، یہ بھی ضروری ہے کہ انٹرنیٹ اور ڈیجیٹل سہولتوں سے محروم افراد کو نظرانداز نہ کیا جائے۔ ٹیکنالوجی کے ساتھ ساتھ تربیت یافتہ عملہ اور عوام کی رہنمائی بھی انتظامی نظام کا حصہ ہونی چاہیے۔

پاکستان کی پائیدار ترقی کے لیے ضروری ہے کہ تمام علاقوں کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر علاقے کو بالکل برابر رقم دی جائے، بلکہ وسائل کی تقسیم وہاں کی ضروریات اور مسائل کے مطابق ہونی چاہیے۔ پسماندہ علاقوں میں تعلیم، صحت، سڑکوں اور صاف پانی کے منصوبوں کو ترجیح دینا ضروری ہے۔ اسی طرح بڑے شہروں میں بڑھتی ہوئی آبادی کے مطابق رہائش، ٹرانسپورٹ، صفائی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا چاہیے۔ وسائل کی منصفانہ تقسیم سے علاقائی محرومی کم ہوسکتی ہے، روزگار کے مواقع بڑھ سکتے ہیں اور لوگوں کو بہتر زندگی گزارنے کے لیے اپنے آبائی علاقوں سے نقل مکانی کرنے کی مجبوری کم ہوسکتی ہے۔ اس کے نتیجے میں بڑے شہروں پر دباؤ بھی کم کیا جاسکتا ہے۔

پاکستان کی آبادی میں مسلسل اضافے کے پیش نظر مستقبل کی منصوبہ بندی کو قومی ترجیح بنانا چاہیے۔ بعض اندازوں کے مطابق ملک کی آبادی 2030 تک تقریباً 26 کروڑ 50 لاکھ تک پہنچ سکتی ہے۔ اس لیے حکومت کو طویل مدتی حکمتِ عملی اختیار کرتے ہوئے انتظامی اداروں کی استعداد بڑھانے، بنیادی سہولتوں کی فراہمی بہتر بنانے اور عوامی ضروریات کا بروقت اندازہ لگانے پر توجہ دینی چاہیے۔ اس سلسلے میں مردم شماری کے نتائج، معاشی اعداد وشمار اور مقامی سطح پر دستیاب معلومات کی مدد سے ترقیاتی منصوبے تیار کیے جاسکتے ہیں۔ وفاقی، صوبائی اور مقامی حکومتوں کے درمیان تعاون بھی ضروری ہے تاکہ پالیسیوں میں تسلسل برقرار رہے اور وسائل کا ضیاع نہ ہو۔ مزید برآں، انتظامی اصلاحات کے نتائج کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے۔ حکومت کو یہ دیکھنا چاہیے کہ آیا عوام کو بہتر سہولتیں مل رہی ہیں، سرکاری کاموں میں تاخیر کم ہوئی ہے اور ترقیاتی وسائل درست طریقے سے استعمال ہورہے ہیں یا نہیں؟ اس طرح اصلاحات کو محض کاغذی منصوبوں کے بجائے عملی بہتری کا ذریعہ بنایا جاسکتا ہے۔

پاکستان میں بڑھتی ہوئی آبادی نے انتظامی نظام کے لیے نئے چیلنجز پیدا کیے ہیں۔ موجودہ حالات میں موثر حکمرانی کے لیے ضروری ہے کہ انتظامی ڈھانچے کو آبادی، جغرافیائی حالات، معاشی ضروریات اور علاقائی تفاوت کے مطابق بہتر بنایا جائے۔ مقامی حکومتوں کو مضبوط کرنا، اختیارات کی مناسب منتقلی، وسائل کی منصفانہ تقسیم، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اور سرکاری اداروں کی جواب دہی اس مقصد کے حصول میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ نئے انتظامی یونٹس کا قیام بعض علاقوں میں مفید ثابت ہوسکتا ہے، لیکن اس کا فیصلہ ٹھوس شواہد، عوامی مشاورت اور مناسب منصوبہ بندی کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ اصل مقصد انتظامی حدود میں تبدیلی کرنا نہیں، بلکہ حکومت کو عوام کے قریب لانا، بنیادی سہولتوں تک رسائی بہتر بنانا اور تمام شہریوں کے لیے ترقی کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ اگر پاکستان بروقت اور موثر انتظامی اصلاحات اختیار کرتا ہے تو وہ اپنی بڑھتی ہوئی آبادی کو ایک چیلنج کے بجائے ترقی کے موقع میں تبدیل کرسکتا ہے۔ ایک ایسا نظام جو عوام کی ضروریات کو سمجھے، وسائل کا منصفانہ استعمال کرے اور ہر علاقے کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرے، تبھی ملک میں پائیدار ترقی، سماجی استحکام اور بہتر حکمرانی کو ممکن بنایا جاسکتا ہے۔ (ختم شد)

نوٹ:۔ کالم نگاروں کی اپنی رائے ہے اس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بقیہ 1

عزم استحکام کے تحت انسدادِ دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔اپنے بیان میں صدرِمملکت آصف علی زرداری نے گوادر میں فتنۂ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنانے اور دس دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن و استحکام کے خلاف سازشیں صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں۔صدر زرداری نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے امن کا قیام ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچ خواتین کے وقار کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا قابلِ مذمت ہے۔اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کے افسران وجوانوں کی پزیرائی کی۔وزیراعظم نے گوادر میں دہشتگردی کی کارروائیوں کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 10 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے افسران وجوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔وزیر اعظم نے دہشتگردوں کے حملے کے دوران ایک شہری کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا ہے۔وزیر اعظم نے شہید کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔وزیراعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے فرض شناس و بہادر افسران اور جوانوں نے گوادر شہر اور گبد بارڈر کراسنگ کے اطراف دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے۔شہبازشریف نے کہا کہ دہشتگرد، بلوچستان کے عوام کی ترقی وخوشحالی کے دشمن ہیں، فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی۔وزیراعظم نے کہا کہ غیرملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم انکے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے گوادر میں تعمیراتی کمپنی کے خالی کیمپ پر فتنہ الہندوستان کا حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔وفاقی وزیرداخلہ نے 7 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور عزم کو سراہا۔محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادرسپوتوں پر ناز ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر وترقی میں رکاوٹ ڈالنے والے دہشت گردوں کا انجام عبرتناک موت ہے۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 2

بھارت آزاد جموں وکشمیر میں عدم استحکام اور انتشار پیدا کرنے کیلئے مسلسل پرتشدد اور شرپسند گروہوں کی حمایت اور پشت پناہی کر رہا ہے۔وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ کشمیری عوام ایسے پرتشدد عناصر کو یکسر مسترد کرتے ہیں اور اپنے مسائل کے حل کیلئے جمہوری و انتخابی عمل اور اپنے منتخب نمائندوں پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہیں، کشمیری عوام کی ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آزاد جموں وکشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں بلکہ اسلامی، نظریاتی اور روحانی ہے، ہم یک جان دوقالب کی مانند ہیں اور پاکستان کے بغیر کشمیر نامکمل ہے۔

بقیہ 3

تقاضہ کرتا ہے، وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات ہو اور آئینی عہدوں کے فیصلے ہوں۔انہوں نے کہا کہ ان چیزوں سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ یہاں آجائیں یا وہاں آجائیں،اس طرح کے تقاضے لوگوں کے درمیان مختلف تاثر کا باعث بنتے ہیں،ایسا تاثر قائم ہوتا ہے جو سیاستدان بالخصوص سینئر قیادت کے بارے میں اچھا نہیں۔رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کہتے ہیں وہ وزیراعظم ہاس جائیں گے مگر اسے ملاقات تصور نہ کیا جائے۔اپوزیشن لیڈرنے کہا کہ وہ وزیراعظم ہاس جا کر ملاقات کی دعوت دیں گے، جب وزیراعظم سے ملاقات ہوگی تو پھر آئینی معاملات زیر بحث آئیں گے۔وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امورنے کہا کہ پاکستان میں ضرورت منداورغربا کی مدد کرنے کا رجحان موجود ہے، آپ نے بھی دیکھا ہے کہ پاکستان میں کہیں کوئی فٹ پاتھ پر لوگ سو رہے ہوں؟انہوں نے کہا کہ بھارت میں ایسے شہر موجود ہیں جہاں لوگ فٹ پاتھ پر سوتے ہیں۔ جہاں تک میری نظر ہے پاکستان میں کوئی بھوکا نہیں سوتا۔ آپ ایسے پروپیگنڈے کا شکار نہ ہوں۔ایسی رپورٹس کو بنیاد بنا کر اس قسم کا پروپیگنڈا مناسب نہیں۔

بقیہ 4

قریب ڈاکوں کی فائرنگ سیرا اگیر شہری کے جاں بحق ہونے کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق فیڈرل بی انڈسٹریل ایریا راشد مہناس روڈ فیڈرل بی ایریا بلاک 22 شفیق موڑ کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سیرا اگیر شہری رحیم اللہ کے قتل کا مقدمہ ایف بی ایریا تھانے کیعلاقے میں مقدمہ درج کرلیا۔مقدمہ متاثرہ شہری دانش اقبال کی مدعیت میں درج کیا گیا مدعی مقدمہ دانش اقبال نے بتایا کہ میں بحیثیت کانسٹیبل شعبہ تفتیش ضلع شرقی میں تعینات ہوں اور جمعرات کی شب نئی حسن سے شادی کی تقریب سے فیملی کے ہمراہ واپس آرہا تھا،شفیق موڑ کے قریب گاڑی خراب ہوگئی گاڑی جو سائیڈ پر لگا کر چیک کرنے لگے اسی دوران موٹر سائیکل سوار 3 ملزمان قریب آکر رکے،ملزمان نے اسلحہ کے زور پر موبائل فون اور رقم چھینی،اسی دوران گاڑی کے پیچھے سے ایک شخص نکل کر سڑک کی جانب دوڑتا ہوا آیا تو ملزمان نے آنے والے شخص پر فائرنگ کردی جس سے وہ زخمی ہوکر گر گیا۔ملزمان اپنی موٹر سائیکل موقع پر چھوڑ کر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے ،زخمی شخص کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہوسکا،مقتول کی شناخت رحیم اللہ کے نام سے کی گئی مقتول مزدوری کرتا تعلق پشاور سے تھا،مقتول کی لاش کو لواحقین کے حوالے کردیا گیا ۔لواحقین تدفین کے لیے لاش لے کر پشاور روانہ ہوگئے، پولیس نے مقدمے کے اندراج کے بعد واقعے میں ملوث ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ 5

بلوچستان کے چالیس اضلاع میں بلدیاتی اداروں کی مدت 8 فروری کو پوری ہورہی ہے، بلوچستان حکومت نے آٹھ فروری کو صوبے کے بلدیاتی اداروں کی تحلیل کی منظوری دے دی ہے جبکہ کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات منعقدہ نہیں ہوسکے تھے،سیکرٹری بلدیات بلوچستان نے بتایا کہ محکمہ بلدیات نے نئے بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں شروع کردی گئیں ہیں نئے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن کو مراسلہ لکھا جارہا ہے الیکشن کمیشن صوبائی حکومت کی مشاورت سے کوئٹہ سمیت صوبے کے دیگر اضلاع میں نئے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کی تاریخ کا اعلان کرے گا۔

بقیہ 6

وعدالت لوگوں کی گمشدگیوں کے خلاف احتجاجی دھرنے اور مظاہرے کیے گئے۔ڈیرہ مراد جمالی، ڈیرہ اللہ یار، لورالائی، لسبیلہ اور پشین سمیت مختلف مقامات پر مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر شدید نعرے بازی کی۔احتجاجی مظاہروں سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے صوبائی و ضلعی رہنماؤں بشیر احمد ماندائی، نوالدین غلزئی عبدالحمید ناصر ودیگر نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کا سب سے بڑا مطالبہ امن ہے بے گناہ لاتعلق نوجوان لاپتہ اور زندہ برآمدگی کے بجائے مسخ شدہ لاشیں مل رہی ہیں۔شاہراہوں پر دن دہاڑے لوٹ مار جاری سفر کرنا مشکل ونا ممکن اور عوام،ٹرانسپورٹرز، تاجر عدم تحفظ کا شکار ہیں۔وفاقی حکومت اور متعلقہ سیکورٹی کے اداروں کی خاموشی تشویش ناک وسوالیہ نشان ہے۔جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے مزید کہا کہ مہنگائی اور بے روزگاری سے پریشان عوام پر پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل میں بھتہ خوری کا اضافی بوجھ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ایک طرف غریب عوام دووقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں، جبکہ دوسری طرف حکمران طبقہ مراعات اور شاہانہ اخراجات میں مصروف ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں امن وامان بحال، شاہراہیں محفوظ، بھتہ خوری اور بدعنوانی کا خاتمہ اور لاپتہ افراد کا مسئلہ آئین و قانون کے مطابق حل کیا جائے۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے اپنی جمہوری جدوجہد اور پرامن احتجاج جاری رکھے گی۔

بقیہ 7

حمایت میں مؤثر اور عملی اقدامات کریں۔فورم نے 27 اکتوبر کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کا اعلان کرتے ہوئے اس روز برہان وانی چوک سے گھڑی پن چوک تک احتجاجی ریلی نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔فورم کے معاون مرکزی ترجمان کا کہنا تھا کہ فورم کے ذمہ داران کا ایک اہم اجلاس مظفرآباد میں مرکزی راہنما غلام حسن بٹ کی قیادت میں منعقد ہوا جس میں ذون کے ذمہ داران مقصود بٹ ، صادق نقوی، امتیاز بٹ ،کیمپ صدور چوہدری اسماعیل، مقصود کیانی، نشاد بٹ، عالم مغل، عبدالحمید لون ، شاہ زمان تانترے ، مقصود مغل ، الطاف میر، قاری شہباز ، پرویز درانی ، عامر عباسی و دیگر نے شرکت کی ذمہ داران کا کہنا تھا کہ احتجاجی ریلی کے ذریعے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام سے اظہارِ یکجہتی، بھارتی اقدامات کے خلاف احتجاج اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے عالمی برادری کی توجہ مبذول کرائی جائے گی۔

بقیہ 8

اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF)، ایکسائز فورس، فرنٹیئر کور (FC)، پولیس اور انٹیلی جنس بیورو (IB) کی مشترکہ ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے مزید 241 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کر دیا۔کارروائی ضلعی انتظامیہ قلعہ عبداللہ کی قیادت میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر اے این ایف، کیپٹن شاویز (77 ونگ ایف سی)، ڈی ایس پی گلستان اور انٹیلی جنس بیورو کے نمائندے کی نگرانی میں انجام دی گئی۔مشترکہ ٹیموں نے تحصیل دوبندی کے علاقے ششکہ اور کدنی نالہ، جبکہ تحصیل گلستان کے عبدالرزاق زئی اور قندیل سکیلئی کے علاقوں میں انسدادِ بھنگ کارروائیاں کیں۔حکام کے مطابق گلستان کے علاقے قندیل سکیلئی میں 241 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت ختم کی گئی۔اس کارروائی کے دوران 184 ایکڑ پر ڈرون ٹیکنالوجی، 22 ایکڑ پر پانی کی عدم دستیابی، 69 ایکڑ پر ڈبیل بیرو، 47 ایکڑ پر ٹریکٹر اور 19 ایکڑ پر ویڈکٹرز کے ذریعے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا گیا۔کارروائی میں اے این ایف کے 16، ایکسائز فورس کے 6، پولیس کے 8 اور ضلعی انتظامیہ کے 8 اہلکاروں نے حصہ لیا، جبکہ ایف سی اور دیگر معاون اداروں کے اہلکاروں نے بھی کارروائی میں تعاون کیا۔حکام کے مطابق انسدادِ بھنگ مہم کے تحت اب تک ضلع قلعہ عبداللہ میں مجموعی طور پر 1661 ایکڑ اراضی سے بھنگ کی کاشت کا خاتمہ کیا جا چکا ہے۔مہم کا مقصد منشیات کی غیر قانونی کاشت کا مکمل خاتمہ اور علاقے کو منشیات سے پاک بنانا ہے۔حکام نے واضح کیا کہ بھنگ کی کاشت کے مکمل خاتمے تک مشترکہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 9

آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ یہ کہا جاتا ہے کہ محمود یہ نہیں کرتا، محمود وہ نہیں کرتا۔ میں نے کل اسمبلی میں کہا تھا، یہ چیئرمین بھی یہاں کھڑے ہیں، کہ شہباز شریف اپوزیشن کے دفتر آئیں، میرے ساتھ چائے پئیں اور مجھے دعوت دیں۔ جہاں مذاکرات کرنے ہیں، میں وہاں جانے کے لیے تیار ہوں۔ اپوزیشن کے دفتر میں آئیں، میرے ساتھ چائے پئیں، مجھے دعوت دیں، جہاں مذاکرات کرنے ہیں میں چلا جاؤں گا۔یا میں وزیراعظم ہاؤس جا کر انہیں دعوت دیتا ہوں کہ آئیں مذاکرات کریں۔

بقیہ 10

تحسین پیش کرتے ہوئے کہاہے کہ کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو بروقت کارروائی کرکے ناکام بنانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر اور ناز ہے۔وزارتِ داخلہ کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق وفاقی وزیر محسن نقوی نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو بروقت کارروائی کرکے ناکام بنانے والے سکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر پوری قوم کو فخر اور ناز ہے۔وزیر داخلہ نے دوٹوک الفاظ میں تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے امن اور تعمیر وترقی کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے والے ملک دشمن عناصر اور دہشت گردوں کا انجام صرف اور صرف عبرتناک موت ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری اس جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 11

بدامنی، بارڈرز بندش، بجلی گیس قیمتوں میں اضافہ کے خلاف امن وحقوق کیلئے نعرے لگائے اور کتبے بھی اٹھائے تھے۔دھرنا کیمپ میں جماعت اسلامی وبرادر تنظیموں کے کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔اس موقع پر نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا محمد عارف دمڑ، کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند،نورالدین غلزئی، اعجاز محبوب جمیل مشوانی، ارشد یوسفزئی،سلمان کیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بدامنی، بدعنوانی وٹیکسز، بارڈرز بندش سے سب متاثر ہیں ہر طرف لوٹ مار، بے حسی کا دور دورہ ہے جماعت اسلامی نے آج ملک وبلوچستان بھر میں دھرنے دیے ہیں جماعت اسلامی نے لانگ مارچ کیا ہڑتال واحتجاج کیا سب کچھ عوام کیلئے کررہے ہیں کسی کی ذات ومفاد کیلئے نہ کسی مراعات ومفادات اورنہ کسی کی رہائی کیلئے ہم صرف عوام کے بنیادی حقوق، امن ترقی کیلئے اور بدامنی وبدعنوانی کے خلاف احتجاج کررہے ہیں ہمارا ایجنڈا عوام اور صرف عوام ہیں۔ادارے حقوق دیں امن دیں جماعت اسلامی پہلے بھی شاہراہوں چوکوں پر احتجاج پرتھی۔سڑکوں پر لانگ مارچ کے پہیہ جام شٹرڈاؤن ہڑتال کیے آئندہ بھی کریں گے۔

بقیہ 12

جرمن وزارت دفاع میں استقبالیہ تقریب میں شرکت کے موقع پر ان کا والہانہ استقبال کیا گیا۔

وزارت دفاع آمد پر جرمن صدر فرینک والٹرشٹائن مائر نے صدر مملکت کا استقبال کیا۔جمعہ کو صدر مملکت آصف علی زرداری کے دورہ جرمنی کے موقع پر ان کے اعزاز میں باضابطہ استقبالیہ تقریب جرمن وزارت دفاع میں منعقد ہوئی۔ وزارت دفاع آمد پر صدر مملکت کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ جرمن صدر فرینک والٹرشٹائن مائر نے آصف علی زرداری کا وزارت دفاع آمد پر استقبال کیا۔اس موقع پر صدرمملکت آصف علی زرداری کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔تقریب میں دونوں ممالک کے قومی ترانے بجائے گئے۔صدر مملکت نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔اس موقع پر صدرمملکت اور جرمن صدر کے درمیان خوشگوار جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔دونوں سربراہان مملکت نے اپنے اپنے وفود کا تعارف کرایا۔صدرمملکت جرمنی کے صدر فرینک والٹرشٹائن مائر کی دعوت پر جرمنی کا دورہ کر رہے ہیں۔اس موقع پرصدر مملکت جرمنی کے صدر اور اعلی حکومتی عہدیداران سے ملاقات کریں گے جن میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی و عالمی صورتحال، معاشی اور تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال ہو گا۔ واضح رہے کہ رواں سال دونوں ممالک سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں۔صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کیفروغ کو نئی جہت دینے کی جانب معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ 13

چوہدری نے کہاہے کہ وزارت بحری امور کے تین اہم اداروں نے مالی سال 2024-25 کے دوران پاکستان کے 10 سب سے زیادہ منافع کمانے والے سرکاری اداروں میں جگہ بنا کر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔وزارت خزانہ کے سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ کی جانب سے جاری کردہ سرکاری اداروں کی سالانہ مجموعی رپورٹ برائے مالی سال 2024-25 کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے منافع بخش سرکاری اداروں میں چھٹی، پورٹ قاسم اتھارٹی (پی کیو اے) نے ساتویں جبکہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) نے دسویں پوزیشن حاصل کی۔ایک بیان میں وفاقی وزیر نے اسے پاکستان کے بحری شعبے کے لیے اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ نتائج تینوں اداروں کی انتظامیہ اور ملازمین کی محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ وزارت بحری امور کی مسلسل رہنمائی اور نگرانی کا مظہر ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان اداروں کی کارکردگی سے ظاہر ہوتا ہے کہ بہتر مالیاتی انتظام، آپریشنل استعداد میں اضافے اور وسائل کے مؤثر استعمال کے ذریعے پاکستان کے بحری ادارے قومی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ کامیابیاں سرکاری اداروں کو مضبوط بنانے اور ملکی اقتصادی ترقی میں ان کے کردار کو بڑھانے کے حکومتی وژن سے ہم آہنگ ہیں۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ ان اداروں کی مالی کارکردگی کو برقرار رکھنے اور مزید بہتر بنانے کے لیے اچھی طرز حکمرانی، ادارہ جاتی جواب دہی اور انتظامی اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھنا ضروری ہے۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ کے پی ٹی، پورٹ قاسم اتھارٹی اور پی این ایس سی کی نمایاں درجہ بندی پاکستان کی بندرگاہوں اور قومی بحری جہاز رانی کی معاشی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ ادارے ملکی وبین الاقوامی تجارت، سامان کی ترسیل وہینڈلنگ اور بحری رابطوں کو مؤثر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔وفاقی وزیر نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ان اداروں کی مسلسل کوششوں، مؤثر انتظامی حکمت عملی اور بہتر کارکردگی کے ذریعے بحری اداروں کی مالی حیثیت مزید مستحکم ہوگی اور پاکستان کے بحری شعبے کی ترقی کو فروغ ملے گا۔

بقیہ 14

سے متعلق خطرات سے نمٹنے کی قومی استعداد مضبوط بنانے بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیرخزانہ نے موسمیاتی تبدیلیوں اور آبادی میں اضافے کو پاکستان کے دو وجودی چیلنجز قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے معیشت کے استحکام، غذائی تحفظ، عوامی زندگی اور سرکاری مالی وسائل پر دور رس اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

بقیہ 15

پیٹرولیم کو خط لکھ کر ملاقات کے لیے وقت مانگ لیا۔خط میں کہا گیا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے روزانہ اتار چڑھاے کاروبار شدید نقصان کا شکار ہے، قیمتوں کے روزانہ تعین سیاسٹاک مینجمنٹ میں مشکلات کا سامنا ہے۔خط کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے حوالے سے مشاورت کی ضرورت ہے، اسی لیے وفاقی وزیر پیٹرولیم تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ بیٹھ کر مسائل حل کریں۔

بقیہ 16

رفتار میں 0.65 فیصد اضافہ ہوگیا ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی میں اضافے کی رفتار 11.85 ہوگئی ہے۔حالیہ ایک ہفتے میں میں 19 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 12 اشیا سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں وفاقی ادارہ شماریات نے مہنگائی بارے ہفتہ وار رپورٹ جاری کردی ہے۔وفاقی ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق ایک سال میں ایل پی جی کی قیمت میں 107.12 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، سالانہ بنیاد پر بجلی کے پہلے سہ ماہی کے چارجز میں 58.59 فیصد اضافہ دیکھا گیا۔زیر جائزہ عرصے کے دوران پیٹرول کی قیمت 44.17 فیصد بڑھ گئی جبکہ سالانہ بنیاد پر ڈیزل کی قیمت میں 41.56 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ایک سال میں پیاز کی قیمت 72.81 فیصد بڑھ گئی۔سالانہ بنیاد پر مرغی کے گوشت کی قیمت میں 38.99 فیصد اضافہ ہوگیا۔ایک سال میں آٹے کی قیمت 36.49 فیصد بڑھ گئی رپورٹ کے مطابق مرچ پاوڈر کی قیمت میں سالانہ 15.55 فیصد اضافہ ہوا، ایک سال میں بکرے کے گوشت کی قیمت 14.66 فیصد بڑھ گئی۔سالانہ بنیاد پر گائے کے گوشت کی قیمت میں 12.10 فیصد اضافہ دیکھا گیا۔ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے مہنگائی میں 0.65 فیصد تک اضافہ ہوا رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے چکن 12.20 فیصد تک مہنگا ہوا، پیاز 4.19 فیصد، آٹا بھی ایک فیصد تک مہنگا ہوا، بریڈ، لہسن، گھی، بیف، دال ماش مہنگی اشیا میں شامل ہیں۔گزشتہ ہفتے ایل پی جی 22.24 فیصد تک مہنگی ہوئی اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.51 فیصد اضافے کے ساتھ 8.45 فیصد رہی۔ 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.49 فیصد اضافے کے ساتھ 10.37 فیصد، 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.54 فیصد اضافے کے ساتھ 9.33 فیصد، 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.56 فیصد اضافے کے ساتھ 9.90 فیصد رہی جبکہ 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.74 فیصد اضافے کے ساتھ 12.69 فیصد رہی ہے۔

بقیہ 17

اعلیٰ پنجاب وسندھ کی مشاورت وتعاون شامل حال رہا۔جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملکی زرعی شعبے کے فروغ، کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ اور آئندہ سال گندم کی پیداوار میں اضافے کیلئے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے 2027 کی گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے، گزشتہ سال گندم کی قیمت 3500 روپے فی من مقرر تھی جس کے مقابلے میں نئی قیمت میں 1,000 روپے فی من اضافہ کیا گیا ہے۔وزیراعظم نے اس فیصلے کیلئے مشاورتی عمل میں تعاون اور قابلِ قدر تجاویز پیش کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا خصوصی شکریہ اور ان کے اس مشاورتی عمل میں کردار کی تعریف کی۔وزیراعظم نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے تعاون پر بھی اظہار تشکر کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کی جانب سے گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافے کا مقصد کسانوں کو بڑھتی ہوئی پیداواری لاگت، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے ریلیف فراہم کرنا ہے۔شہبازشریف نے کہا کہ کسانوں کو گندم کی کاشت کے لیے مؤثر ترغیب دینا فیصلے کے اولین مقاصد میں شامل ہے۔شہبازشریف نے کہا کہ توقع ہے کہ نئی مجوزہ قیمت سے کسانوں کو اپنی پیداواری لاگت پوری کرنے اور مناسب منافع حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران کسانوں کو مہنگائی اور زرعی اخراجات میں اضافے کے باعث مالی مشکلات کا سامنا رہا، جبکہ پاکستان کو گزشتہ دو برسوں میں گندم کی درآمد بھی کرنا پڑی۔شہبازشریف نے کہا کہ گندم کی مجوزہ قیمت میں اضافہ کا کلیدی فیصلہ ملکی غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے، مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور زرعی شعبے میں استحکام کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت کو توقع ہے کہ مجوزہ قیمت کے تعین سے کاشتکار گندم کی کاشت میں زیادہ دلچسپی لیں گے، جس کے نتیجے میں آئندہ سیزن میں گندم کی بھرپور بوائی اور ملکی پیداوار میں اضافے کے امکانات روشن ہوں گے۔وزیراعظم نے یہ اقدام کسانوں کی معاشی بہتری، زرعی معیشت کے استحکام اور ملک کو غذائی ضروریات کے ضمن میں زیادہ خودکفیل بنانے کی کوششوں میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔توقع ہے کہ سال 2027 پاکستان کے زرعی شعبے اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے مثبت نتائج کا حامل ہوگا۔

بقیہ 18

آئین کی بالادستی اور عوام کے جمہوری حقوق کے لیے جدوجہد قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہے۔اپنے بیان میں سیدنیر حسین بخاری نے کہا کہ مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے خلاف جرات اور استقامت کے ساتھ جدوجہد کی اور تحریکِ بحالیِ جمہوریت کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے جمہوریت پر شب خون کے خلاف آواز بلند کی اور آئین شکن قوتوں کے مقابلے کیلئے قائدانہ کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ آمریت کے سیاہ دور میں بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی شمع روشن رکھی اور اپنی بے مثال سیاسی جدوجہد کے ذریعے مادر جمہوریت کا مقام حاصل کیا۔ان کی قیادت، قربانیاں اور جمہوری اصولوں سے وابستگی آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔نیر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور بھٹو ازم سے وابستہ جیالے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کوان کی تاریخی خدمات پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی، پارلیمان کے وقار، جمہوری اقتدار کے تحفظ اور عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 19

ضمانت میں توسیع کے باوجود ملزم کو احاطہ عدالت کے باہر سے گرفتار کرلیا۔ملزم تنویر کے بھائی سمیت چند دیگر افراد کو بھی گرفتار کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ملزم تنویر کی جانب سے ایڈووکیٹ صفدر شاہین پیرزادہ عدالت میں پیش ہوئے۔ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ تنویر کو گرفتار کرنے کے لیے سیشن کورٹ کے چاروں اطراف پولیس تعینات تھی اور انہیں خدشہ ہے کہ ملزم کو کسی نئے مقدمے میں پھنسا کر گرفتار کیا جا رہا ہے۔دوسری جانب غیر ملکی خاتون ڈیانا نے وکیل نے مدعیہ کا بیان ویڈیو لنک کے ذریعے ریکارڈ کرنے کی درخواست دائر کردی۔

بقیہ 20

سازی، علاقائی رابطوں، قابل تجدید توانائی، دفاع اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا ہے۔جمعہ کو ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے استنبول میں آر 4-وزارتی اجلاس کے موقع پر مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور مصر کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی توثیق کی اور دوطرفہ تعلقات کو مزید آگے بڑھانے کے لیے اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں رہنماؤں نے تجارت، کاروباری اداروں کے درمیان روابط، زراعت، ادویہ سازی، علاقائی رابطوں، قابل تجدید توانائی، دفاع اور عوامی سطح پر تبادلوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا۔دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال بالخصوص فلسطین اور مشرق وسطی کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔دونوں رہنماؤں نے علاقائی چار ملکی فریم ورک کے تحت مسلسل مشاورت، قریبی رابطہ کاری اور باہمی دلچسپی کے امور پر تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 21

مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔سونے کے ذخائر کی نیلامی، بنیادی قیمتوں کے تعین، قانونی تقاضوں پر عمل درآمد اور ٹھیکوں کی نگرانی کے حوالے سے قومی احتساب بیورو (نیب) کے سنگین اعتراضات سامنے آئے ہیں۔اکتوبر 2024 کی سرکاری رپورٹ کے مطابق سونے کی تلاش کے چار معدنی بلاکس تقریبا 4 ارب 93 کروڑ روپے میں نیلام کیے گئے۔

بقیہ 22

ہے کہ جس دن ہمارے آباواجداد نے بزور شمشیر یہ علاقہ ڈوگرہ سامراج سے آزاد کروا کر تحریک آزادی کشمیر کو جلا بخشی اور آزاد حکومت کا قیام عمل میں لاکر دنیا میں ثابت کیا کہ آزادی پلیٹ میں رکھ کر نہیں مل سکتی بلکہ اسے حاصل کرنے کیلئے جدو جہد، عزم، اور ولولے کی ضرورت ہے، 79 واں یوم تاسیس آزاد کشمیر کے موقع پر چیئر پرسن کے زیڈ کے فاؤنڈیشن نے جاری کردہ خصوصی پیغام میں کہا کہ غازیان کشمیر، شہدائے کشمیر اور بانیان ریاست کی قبروں پر اللہ تعالیٰ کروڑوں رحمتیں نازل کرے جن کی قربانیوں کی بدولت آج ہم آزادی جیسی نعمت کو پا کر اپنی دینی، روحانی، سماجی تقریبات اور تہوار منا سکتے ہیں جبکہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں مسلمانوں پر عیدین، جمعہ، میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ،محرم سمیت ہر طرح کی پابندیاں عائد ہے اب مودی سرکار نے خطبہ جمعہ کو اپنی مرضی سے جاری کرنے کی پالیسی بنا کر مسلمانان کشمیر کو مزید پریشانی اور اذیت میں مبتلا کرنے کی سازش رچائی ہے جس میں اس کو ناکامی ہوگی محترمہ نے کہا کہ ہماری تاریخ ہے کہ ہم نے زندہ کھالیں کھچوائی ہمارے آباؤاجداد سبز علی خان اور غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان تک اوران کے بعد آج تک خطہ کے جتنے بھی غیور مسلمان رہنما تھے انھوں نے اپنی بساط مطابق اپنا کردار ادا کیا انھوں نے پوری قوم کو جشن آزادی آزاد کشمیر پر خصوصی مبارکباد دیتے ہوئے آپس میں اتحاد اور اتفاق اور ریاست میں امن وامان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 23

وٹیلی مواصلات سبین غوری نے ایوان کو بتایا کہ فائیو جی ٹیکنالوجی سے متعلق موبائل فونز کی کم ازکم قیمت تقریبا 36 ہزار روپے ہے جو عام آدمی کے لیے برداشت کرنا مشکل ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ ان فونز کی قیمت کم کرکے 15 سے 20 ہزار روپے کی سطح پر لائی جائے تاکہ طلبہ سمیت زیادہ سے زیادہ افراد فائیو جی خدمات سے استفادہ کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں موبائل فونز اسمبل بھی کیے جارہے ہیں تاہم ٹیکسوں کی بلند شرح کے باعث ان کی قیمتیں کم کرنے میں مشکلات درپیش ہیں۔انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں فائیو جی سپیکٹرم کی نیلامی 19 مارچ 2026 کو ہوئی تھی جس میں تین سیلولر کمپنیوں نے حصہ لیا،اس وقت ملک کے تقریبا 25 شہروں میں فائیو جی خدمات فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ 24

نے کہا کہ نظام کی تبدیلی کیلئے عملی مخلصانہ جدوجہد کی ضرورت ہے نظام کی تبدیلی کیلئے مخلصانہ عملی جدوجہد نہیں کریں گے تو تباہی وبربادی مقدر بنے گی۔عدالتوں میں انگریز کا تعلیمی اداروں میں لارڈمیکالے کا نظام ہے نہ پارلیمنٹ میں نہ عدالت میں نہ معیشت اسلام ہر طرف غیروں بے دینوں کا نظام چل رہاہے۔بدقسمتی سے ہمارے فیصلے ہمارے ہاتھ میں نہیں۔آج ہماری قسمت کے فیصلے کوئی اورکررہے ہیں پہلے وائسرائے ہوا کرتا تھا اب ان کے غلام ہم پر مسلط ہے۔حکمرانوں نے خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی سے متاثرہ عوام کو 107 ارب کا انجکشن لگایا بتایا تک نہیں کہ کب تک خیبر پختونخواہ والے ایمرجنسی وارڈ میں رہیں گے۔بلوچستان ہو یا خیبر پختونخواہ علاج ایمرجنسی نہیں اسلامی نظام ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ کوئٹہ کے دوران چمن پھاٹک مدرسہ دارالرشاد جامع مسجد میں خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایران افغانستان بارڈرز بندش سے بلوچستان کیہزاروں لاکھوں لوگ معاشی طور پر برباد تباہ ہوئے ہمارے بارڈرز ہم، ہماری پارلیمنٹ نہیں غیر لوگ بند کرتے ہیں منتخب نمائندوں کو معلوم نہیں کس نے کیوں بند کیا۔زبردستی مسلط لوگ پارلیمنٹ سے کوئی مشورہ نہیں کرتے۔25 کروڑ عوام اوران کے نمائندوں کی کوئی اہمیت نہیں بدقسمتی سے ہماری رائے ہمارے خون ہماری لاشوں جانوں کی بھی کوئی اہمیت نہیں۔ظالموں کا راستہ روکنا ہوگا کوئی پارٹی نہیں صرف ظالم اور مظلوم کی پارٹیاں ہے۔پاکستان بلوچستان کو اللہ نے ہر قسم کی نعمتوں اور وسائل سے نوازا۔لیکن آج ہرطرف خوف ودہشت ہے آئندہ نسلیں بھی آئی ایم ایف کے مقروض بنادیے گیے ہیں۔کوئٹہ میں خوف وبھوک کا دور دورہ ہے۔جو جرم بنی اسرائیل نے کیے وہی ظلم ہم کررہے ہیں۔پاکستان کو نفاذ اسلام کیلئے کلمے کی بنیاد پر لاکھوں جانوں کی قربانیاں دیکر جدوجہد کیا لیکن بدقسمتی سے ایک دن کیلئے بھی اسلامی نظام قائم نہیں ہوا۔جس ظلم وجبر لاقانونیت منکرات کے خلاف 70 سال قبل ہزاروں لوگوں نے جدوجہد کیا جان ومال کی قربانیاں دی وہی ظلم وجبر لاقانونیت منکرات کا نظام چل رہاہے۔اللہ ہم سے ضرور پوچھے گا اگر ہم نے اسلامی تبدیلی نہیں لائی تو ہمارا حشر بھی تاتاریوں کی طرح ہوگا۔

بقیہ 25

پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ملاقات کے دوران ڈاکٹر جاوید لغاری نے اپنی نئی کتاب GOD CHIP بھی صدر ریاست کو پیش کی۔یہ فکشن اور پراسرار واقعات پر مبنی ناول ہے۔اس موقع پر صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان نے کہا کہ جدید دور میں ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور علمی وادبی تحقیق کی اہمیت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔سائنسی ترقی نے انسانی زندگی کے مختلف شعبوں میں نئی جہتیں متعارف کرائی ہیں، جبکہ ادب ان تبدیلیوں کو سمجھنے، ان کے اثرات کا جائزہ لینے اور انسانی فکر کو وسعت دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سائنسی علوم اور ادبی تخلیقات کا امتزاج نوجوان نسل میں مطالعے، تحقیق، تخلیقی صلاحیتوں اور تنقیدی سوچ کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہے۔تعلیمی اداروں میں تحقیق، علمی مکالمے اور تخلیقی سرگرمیوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ نوجوان جدید سائنسی رجحانات سے آگاہی حاصل کرنے کے ساتھ علم و ادب کے میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں۔صدر ریاست نے ڈاکٹر جاوید لغاری کی اعلیٰ تعلیم، تحقیق اور ادبی میدان میں خدمات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ علمی و ادبی تخلیقات معاشرے میں مطالعے کے رجحان کو فروغ دینے اور نوجوانوں کو جدید سائنسی وفکری مباحث سے روشناس کرانے میں معاون ثابت ہوں گی۔ملاقات میں اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تحقیق کے فروغ، علمی و ادبی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی اور نوجوانوں کو جدید علوم وٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے سے متعلق مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 26

کو گزشتہ چار ماہ سے اجرت نہیں مل سکی۔تنخواہوں کی طویل تاخیر اور عدم ادائیگی کے باعث غریب ملازمین اوران کے اہل خانہ فاقہ کشی پر مجبور ہوچکے ہیں اور دو وقت کی روٹی کے لیے شدید پریشانی کا سامنا کر رہے ہیں۔متاثرہ ملازمین کا کہنا ہے کہ شدید مہنگائی میں مہینوں تنخواہیں نہ ملنے سے ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں، بچوں کی تعلیمی فیسیں اور علاج معالجے کے اخراجات برداشت کرنا ناممکن ہو گیا ہے۔ملازمین نے صوبائی حکومت، بالخصوص وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیر بلدیات اور میونسپل کمیٹی قلات کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے کہ ان کے جائز مطالبات پر رحم کھاتے ہوئے تنخواہیں اور بقایا جات جلد از جلد ادا کیے جائیں تاکہ وہ درپیش معاشی بحران سے نکل سکیں۔

بقیہ 27

ہوئے بتایا کہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے چائلڈ پورنوگرافی، آن لائن مالیاتی فراڈ اور سائبر ہراسمنٹ میں ملوث عناصر کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ایک بین الاقوامی گینگ کو بے نقاب کیا ہے۔ملزمان بچوں کی ویڈیوبین الاقوامی سطح پر فروخت کرتے تھے۔شعیب خان نے بتایا کہ ایجنسی نے ایک بچے کے موبائل سے ملنے والی 60 کے قریب ویڈیوز کی تفتیش پر چائلڈ پورنوگرافی کے گینگ کے چار ملزمان کو گرفتار کیا، ملزمان انسٹاگرام اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر 6 سے 14 سال کے بچوں سے دوستی اور پیسے کا لالچ دے کر نازیبا ویڈیوز بناتے اور انہیں واٹس ایپ گروپس اور بین الاقوامی سطح پر فروخت کرتے تھے، اس سے قبل اس جرم میں دو چینی باشندوں کو بھی سزائیں دلوائی جاچکی ہیں۔ایڈیشنل ڈائریکٹر نے کہا ملک بھر کے کال سنٹرز پر چھاپے مار کر ملائیشیا، چین اور بھارت میں بینک نمائندے بن کر فراڈ کرنے والے 473 غیر ملکیوں کو گرفتار کیا گیا ہے، گزشتہ ایک ہفتے میں سائبر ہراسمنٹ کے 22 ملزمان کو بھی حراست میں لیا گیا ہے جن کی تمام تر انکوائری اور تفتیش صرف خواتین افسران کے سپرد کی گئی ہے۔

بقیہ 28

ہوئی جبکہ لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔

بقیہ 29

پر اہم سنگ میل حاصل کرلیا گیا۔ڈائریکٹوریٹ جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کی ٹیم کی مسلسل محنت سے ای پاسپورٹ کا اجرا ممکن ہوا، جدید سکیورٹی خصوصیات اور بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کیے گئے ای پاسپورٹ کا اجرا پاکستان کی پاسپورٹ سروسز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کے مطابق پہلے سے جاری مشین ریڈایبل پاسپورٹس اپنی مقررہ میعاد تک قابل استعمال رہیں گے جبکہ نئے پاسپورٹ کے اجرا کے لیے ای پاسپورٹ جاری کیا جائے گا۔پاکستان کی پاسپورٹ سروسز کو جدید بنانے کے اس اقدام کو ایک قوم، ایک پاسپورٹ، ایک پہچان کے وژن کے تحت اہم سنگ میل قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 30

فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دے رہا ہے، جس کے باعث شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئی ہیں پانی کی عدم فراہمی نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کردیا ہے۔گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہوگیا ہے، جبکہ خواتین، بچوں اور بزرگوں کو پانی کے حصول کے لیے پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی کے باعث عوام کی مشکلات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے شہریوں کو کھانا پکانے، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی ضروریات کے لیے بھی پانی کی قلت کا سامنا ہے پانی جیسی بنیادی سہولت کی عدم فراہمی نے شہریوں میں تشویش اور بے چینی پیدا کردی ہے عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر حب سے مطالبہ کیا ہے کہ گڈانی میں پانی کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے اور متعلقہ محکمے کو پابند بنایا جائے کہ وہ شہریوں کو بلاتاخیر پینے کا پانی فراہم کرے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ پینے کا پانی ہر شہری کی بنیادی ضرورت ہے، لہٰذا عوام کو مزید اذیت میں مبتلا کرنے کے بجائے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور پانی کی باقاعدہ فراہمی یقینی بنائی جائے

بقیہ 31

روک تھام کے کالے قانون (یواے پی اے) کے تحت ضبط کرلیا ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، بھارتیہ جنتا پارٹی کی بھارتی حکومت نے عام کشمیریوں، کارکنوں اور کشمیری تحریکِ آزادی کی حمایت کے الزام میں ملوث افراد کی جائیدادوں کو ضبط کرنے، قبضے میں لینے اور مسمار کرنے کی مہم جاری رکھی ہوئی ہے۔بھارتی پولیس نے ہندواڑہ میں غلام رسول بٹ، عبدالصمد میر اور شیر علی کھٹانہ کی زرعی اراضی ضبط کی ہے۔ پولیس نے کہا کہ یہ ضبطی کی کارروائی ریونیو حکام کی موجودگی میں کی گئی۔یہ کارروائی ان تین افراد کے خلاف 2023 میں ہندواڑہ تھانے میں درج مقدمات کے سلسلے میں کی گئی ہے۔اطلاعات کے مطابق اگست 2019 سے اب تک جماعت اسلامی اور حریت رہنماں کے رہائشی مکانات، تجارتی عمارتوں، زرعی اراضی اور دفاتر سمیت ہزاروں جائیدادیں ضبط کی جاچکی ہیں۔ رپورٹس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ بھارتی پولیس اور تفتیشی اداروں، بشمول اسٹیٹ انویسٹی گیشن ایجنسی (ایس آئی اے) اور نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) کی جانب سے ممکنہ ضبطی کے لیے 4,000 سے زائد نجی جائیدادوں کی فہرست مرتب کی گئی ہیں۔ 2026 میں بھی بی جے پی حکومت نے کپواڑہ، سرینگر، بارہمولہ، بلوامہ، اسلام آباد، ڈوڈہ اور دیگر علاقوں میں حریت پسند کارکنوں کی زرعی اراضی اور رہائشی جائیدادیں یو اے پی اے کے تحت ضبطی کا سلسلہ جاری رکھا۔سِس کارروائی کا مقصد کشمیریوں کو معاشی طور پر کمزور کرنا ہے۔کل جماعتی حریت کانفرنس اور مقامی رہائشیوں نے جائیدادوں کی ضبطی اور مسماری کو کشمیریوں کو سزا دینے کی حکمتِ عملی کا حصہ قرار دیا ہے، جس کا مقصد انہیں معاشی طور پر کمزور کرنا، اختلافِ رائے کو خاموش کرانا اور خطے کے آبادی کے تناسب کو بدلنا ہے۔مقبوضہ علاقے کے سیاسی مبصرین اور تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ مختلف قوانین کے تحت جائیدادوں کی ضبطی اور مسماری کو تیزی سے کشمیریوں کو ان کے گھروں اور دیگر اثاثوں سے محروم کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے، جس سے وہ مزید معاشی اور سماجی طور پر کمزور ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ رہائشی جائیدادوں کی ضبطی یا مسماری اجتماعی سزا کے مترادف ہے، جو خواتین اور بچوں سمیت پورے خاندانوں کو متاثر کرتی ہے۔ایسے اقدامات سے کشمیریوں میں خوف اور بے یقینی بڑھ رہی ہے، جو کشمیریوں کی معاشی سلامتی کو کمزور کرنے اور مقبوضہ علاقے پر کنٹرول مزید سخت کرنے کی وسیع تر پالیسیوں کا حصہ ہیں۔3

بقیہ 32

کےقتل کے مقدمے میں عبوری ضمانت پر رہنے والی ملزمہ شبنم ولد میر اللہ بخش عمرانی کی ڈیرہ مراد جمالی کی معزز عدالت نے ضمانت خارج کردی جس پر بابا کوٹ پولیس نے ان کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 33

دہشت گردی کی کوشش ناکام بنادی۔پولیس کے مطابق تھانہ نوتال کی حدود میں ربیع کینال کے قریب سے تقریبا 6 کلوگرام دیسی ساختہ دھماکہ خیز مواد برآمد کیا گیا، بم ڈسپوزل اسکواڈ نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے برآمد شدہ بارودی مواد کو موقع پر ہی ناکارہ بنادیا۔پولیس کے مطابق بروقت کارروائی کے باعث ممکنہ خطرے کو ٹال دیا گیا۔واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں، جبکہ ملزمان کی تلاش بھی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 34

گوٹھ محمد موسی لانگو میں لانگو قبیلے کے دو گروپ میں فائرنگ سے بشیر احمد لانگو سمیت دو افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو فوری طور پر سول اسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کردیا گیا پولیس نے کارروائی کرکے تین افراد کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ پچھی کے بھاگ اور منگر بڑا میں ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں ایک شخص جانبحق جبکہ چار افراد زخمی ہوگئے مرنے اور زخمیوں کو مقامی ہسپتال منتقل کردیے گئے۔

بقیہ 35

کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیوں نے آزادی کی شمع روشن کی۔یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ تحریکِ آزادی کشمیر کا بنیادی مقصد ابھی تکمیل طلب ہے اور ہمیں مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی جدوجہد کو فراموش نہیں کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر تحریکِ آزادی کشمیر کی ایک عظیم امانت ہے اوراس امانت کا تقاضا ہے کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں اپنے بنیادی حقوق اور حقِ خودارادیت کیلئے جدوجہد کرنے والے بہن بھائیوں کی حمایت جاری رکھی جائے۔انہوں نے کشمیری عوام کے عزم، استقامت اور قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا۔صدر آزاد کشمیر نے عالمی برادری، بالخصوص اقوامِ متحدہ سے مطالبہ کیا کہ مسئلہ جموں وکشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے اور اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو حقِ خودارادیت دلانے میں مؤثر کردار ادا کرے۔انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کا راستہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل سے ہو کر گزرتا ہے۔قومی اتحاد، آئین و قانون کی بالادستی، مضبوط ادارے اور عوامی خدمت ایک مستحکم اور خوشحال معاشرے کی بنیاد ہیں۔صدر نجیب خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ شہدا کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہوئے آزادی کی قدر، اداروں کی مضبوطی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی تاکہ آنے والی نسلوں کو بہتر، محفوظ اور خوشحال مستقبل فراہم کیا جا سکے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی وطن کو امن، اتحاد، استحکام اور خوشحالی عطا فرمائے، شہدا کے درجات بلند کرے اور کشمیری عوام کو آزادی، انصاف اور باوقار مستقبل کی منزل سے ہمکنار فرمائے۔

بقیہ 36

اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام، عوام کے جان ومال کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام اور سیکیورٹی فورسز متحد ہوکر امن دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنائیں گے اور بلوچستان کی تعمیر وترقی کا سفر جاری رہے گا۔

بقیہ 37

پر ضابطے کا پابند بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو تحفظ ملے اور ساتھ ہی ساتھ بجلی چوری کے خلاف ایمانداری سے فرائض انجام دینے والے افسران کے راستے میں بھی کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔وفاقی وزیر کی ہدایات کی روشنی میں پاور ڈویژن تمام ڈسکوز کو پابند کررہی ہے کہ اب ڈیٹیکشن بلنگ صرف اور صرف پی آئی ٹی سی کے مرکزی آن لائن پورٹل کے ذریعے ہی عمل میں لائی جائے گی، فیلڈ عملے یا ایس ڈی اوز کی جانب سے دستی اور من مانے ڈیٹیکشن بل جاری کرنے پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ہے۔مینوئل طریقے سے بل ڈالنے کے عمل کو باضابطہ طور پر سنگین مس کنڈکٹ تصور کیا جائے گا جس پر متعلقہ افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت انضباطی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے بڑی سزائیں دی جائیں گی۔اس فریم ورک کے تحت کنزیومر سروس مینوئل میں بھی جامع ترامیم کی تجاویز آئندہ کچھ دنوں میں پیش کی جائیں گی تاکہ ہر اقدام کو مخصوص اور واضح مدت کا پابند بنایا جاسکے۔نئے فریم ورک کے تحت خراب یا جلے ہوئے میٹرز کو فوری طور پر یا زیادہ سے زیادہ دو بلنگ سائیکلز کے اندر تبدیل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ اس دوران اوسط بلنگ کا بوجھ بھی صرف دو ماہ تک ہی محدود رہے گا۔میٹر کی رفتار سست یا تیز ثابت ہونے کی صورت میں ریکوری یا کریڈٹ ایڈجسٹمنٹ کو سختی کے ساتھ پچھلے دو بلنگ سائیکلز تک محدود رکھا جاسکے گا۔اسی طرح ڈیٹیکشن بلنگ کے دورانیے کو بھی واضح ضابطے میں لاتے ہوئے غیر قانونی استعمال پر عام صارفین کے لیے ڈیٹیکشن بل کا دورانیہ تین بلنگ سائیکلز مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔رجسٹرڈ صارفین کیلئے ڈیٹیکشن کی زیادہ سے زیادہ حد چھ ماہ جبکہ غیر رجسٹرڈ صارفین کے لیے بارہ ماہ تک محدود کی جائے گی۔اصلاحاتی نظام کے تحت ڈسکوز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اوران کی کسٹمر سروسز کمیٹیوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ ہر ماہ ڈیٹیکشن بلوں کی درستگی، شفافیت اور جائز ریکوری کا خود باقاعدگی سے تفصیلی جائزہ لیں گی۔وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری نے عزم کا اعادہ کیا ہے کہ حکومت کا مقصد بجلی کے شعبے کو صارف دوست بنانا اور ہر سطح پر مکمل جوابدہی کو یقینی بنانا ہے۔صارفین کے حقوق کا تحفظ اولین ترجیح ہے اور کسی کو بھی قانون اور قواعد وضوابط سے بالاتر ہو کر عوام کا معاشی استحصال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 38

پالیسی اقدامات نے پاکستان کو بیرونی دباؤ سے نمٹنے میں مدد دی۔ورلڈ بینک کے نمائندوں نے ان کامیابیوں کو برقرار رکھنے کیلئے اصلاحات کا تسلسل اور مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کی ترجیح معاشی استحکام کو پائیدار بنیادوں پر مضبوط بنانا اور اسے پائیدار، سرمایہ کاری اور برآمدات پر مبنی ترقی میں تبدیل کرنا ہے۔

بقیہ 39

دیا کہ ہم اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے اور وہ جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں بھرپور انداز میں نشانہ بنائیں گے۔سکیورٹی فورسز کے شہدا اور غازیوں سمیت پاکستانی عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ عوام کی حمایت سے پاکستان دہشت گردوں اوران کے بگڑے ہوئے نظریات کو ضرور شکست دے گا۔قبل ازیں پشاور آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف کا استقبال کیا۔

بقیہ 40

وفاقی وزیر نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی بصیرت اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ڈیفالٹ کے خطرے پر قابو پایا اور اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک معاشی محاذ پر بھی مضبوط بنیاد پر آگے بڑھے اور قومی ترقی کے لیے دستیاب مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھائے۔انہوں نے نجی شعبے پر زور دیا کہ وہ کاروباری روابط میں وسعت، سرمایہ کاری کے نئے مواقع ، باہمی تعاون کے فروغ اور جدت پر مبنی اقدامات کے ذریعے ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں فعال کردار ادا کرے۔احسن اقبال نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ پاکستان کی پائیدار معاشی ترقی اور خودمختاری کے حصول کے لیے کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔کانفرنس میں ملکی معیشت میں قابل قدر کردار ادا کرنے والے کاروباری رہنماں کو سی ای او ایوارڈز سے نوازا گیا جس کا مقصد کاروباری قیادت اور معاشی ترقی میں نمایاں خدمات کو سراہنا تھا۔

بقیہ 41

چاول، گوشت، حلال خوراک، پراسیس شدہ زرعی مصنوعات اور آم، ترش پھلوں، چیری، خوبانی، آڑو اور کھجور سمیت تازہ پھلوں کی برآمدات کے ذریعے مالدیپ کی مارکیٹ میں اپنا حصہ بڑھا سکتا ہے۔جام کمال خان نے پاکستان میں زیتون کے تیل کی ابھرتی صنعت کا ذکر کرتے ہوئے اعتماد ظاہر کیا کہ آنے والے برسوں میں پاکستانی زیتون کا تیل عالمی منڈیوں میں ایک اعلیٰ معیار کی مصنوعات کے طور پر اپنی جگہ بنا سکتا ہے۔

بقیہ 42

اظہار کیا کہ پاکستان مسلسل تعمیری روابط کے ذریعے موجودہ تعلقات کو مزید مضبوط، مستحکم اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لیے تیار ہے۔صدر مملکت نے اس اہم دورے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ 23 سال کے وقفے کے بعد ہو رہا ہے جو دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات میں ایک اہم باب کی حیثیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ رواں سال پاکستان اور جرمنی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ بھی منائی جارہی ہے۔

بقیہ 43

آف انویسٹمنٹ کا بنیادی مقصد سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کو کاروبار کے قیام اور توسیع کے ہر مرحلے پر سہولت فراہم کرنا ہے، حکومت غیر ضروری دفتری رکاوٹوں کو دور کرنے اور کاروبار کے لیے آسان اور سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان اور جدت کار پاکستان کی سرمایہ کاری پر مبنی معاشی ترقی کے حقیقی محرک ہیں، جامعات کے انکیوبیشن سینٹرز میں تیار ہونے والے نئے کاروباری منصوبے ملک کی معاشی بنیادوں کو مضبوط بنانے اور جدت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔وفاقی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت نوجوانوں کے نئے خیالات اور کاروباری منصوبوں کو مقامی سطح سے عالمی منڈیوں تک پہنچانے کے لیے معاونت فراہم کرے گی تاکہ نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو معاشی مواقع میں تبدیل کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا کہ پالیسی سازوں، جامعات اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر تعاون پاکستان کے روشن معاشی مستقبل کی کلید ہے،ان اداروں کے باہمی اشتراک سے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ، سرمایہ کاری میں اضافہ اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 44

سے تجارتی راہداریوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔انفراسٹرکچر اور علاقائی رابطہ کاری کے فروغ کے لئے ذرائع آمدورفت کا مضبوط نیٹ ورک اشد ضروری ہے۔عبدالعلیم خان نے کہا کہ آذربائیجان کے ساتھ باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔آذربائیجان کے حالیہ دورے سے خوشگوار یادیں اور اچھی توقعات وابستہ ہیں۔پاکستان آذربائیجان کے ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے وسیع امکانات ہیں۔آذربائیجان کے سفیر نے بھی پاکستان کے ساتھ تعلقات اور باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔عرفان داوودوف نے عبدالعلیم خان کے ساتھ خوشگوار جملوں کا تبادلہ کرتے ہوئے سابقہ روایات آگے بڑھانے کا عزم دہرایا۔اس موقع پر آذربائیجان کے موجودہ سفیر خضر فرہادوف کے پاکستان میں کامیاب سفارتی کاری کا بھی ذکر ہوا۔

بقیہ 45

نے یہ بھی کہا کہ اس وقت 28ویں ترمیم پر کوئی بات نہیں ہوئی اور نہ کوئی مسودہ سامنے آیا ہے۔

بقیہ 46

کے ساتھ ساتھ مختلف محکموں میں نجی شعبے سے بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افراد کو شامل کرنے پر بھی مرکوز ہے۔انہوں نے کہا کہ کسٹمز کے روایتی نظام میں درآمد کنندگان اور متعلقہ افسران کے درمیان رابطے کے باعث بے ضابطگیوں کے امکانات موجود تھے اس مسئلے کے حل کے لیے فیس لیس کسٹمز کا نظام متعارف کرایا گیا ہے، جس کے تحت نہ درآمد کنندہ کو اس بات کا علم ہوتا ہے کہ اس کے سامان کی جانچ کرنے والا افسر کون ہے اور نہ ہی متعلقہ افسر کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ کس درآمد کنندہ کے سامان کا جائزہ لے رہا ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ اس نظام کے حوالے سے مختلف کاروباری اداروں اور درآمد کنندگان سے حاصل ہونے والی آرا میں بہتری کی تصدیق ہوئی ہے، حکومت اس نظام کے عملی نتائج، کاروباری سرگرمیوں میں آسانی، سامان کی جانچ کے وقت میں کمی اور طریقہ کار میں بہتری کا جائزہ لینے کیلئے بھی تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ہوائی اڈوں پر مسافروں کے مجموعی تجربے کو بہتر بنانے کے لیے بھی ٹاسک فورس قائم کی ہے، اس ضمن میں کسٹمز، ایئرپورٹ سکیورٹی فورس اور وفاقی تحقیقاتی ادارے سمیت متعلقہ محکموں کو مربوط انداز میں اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ مسافروں کو غیرضروری مشکلات سے بچایا جاسکے۔انہوں نے تسلیم کیا کہ ہوائی اڈوں پر کسٹمز کے نظام میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ وزیرمملکت نے سینیٹر شہادت اعوان کی جانب سے کسٹمز افسران کے خلاف کارروائیوں اور سزاؤں سے متعلق اٹھائے گئے معاملے کو جائز قرار دیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین سال کے دوران 31 مکمل مقدمات میں کارروائی کی گئی جن میں ملازمت سے برطرفی سمیت مختلف نوعیت کی سزائیں بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ بعض مقدمات میں بظاہر یہ محسوس ہوتا ہے کہ سمگلنگ میں معاونت کرنے والے افسران کے خلاف سزائیں مزید سخت ہوسکتی تھیں،ان مقدمات میں فیصلہ کرنے کا اختیار ایف بی آر کے متعلقہ رکن اور اپیل کا اختیار چیئرمین ایف بی آر کے پاس ہوتا ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ سینیٹر شہادت اعوان کی جانب سے اٹھائے گئے مقدمات کی تفصیلات کا دوبارہ جائزہ لیا جاسکتا ہے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ آیا متعلقہ معاملات میں مناسب کارروائی اور سزا دی گئی یا نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کسٹمز کے 114 اوران لینڈ ریونیو سروس کے 113 افسران کے خلاف شکایات اور کارروائیوں سے متعلق تفصیلات بھی مرتب کی گئی ہیں جن میں افسران کے نام، عہدے، الزامات اور ان کے خلاف کیے گئے اقدامات شامل ہیں۔وزیرمملکت نے کہا کہ اگر ایوان ہدایت دے تو متعلقہ قائمہ کمیٹی میں ہر مقدمے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی جاسکتی ہے۔ حکومت کسٹمز کے نظام میں کی جانے والی اصلاحات، کاروباری طبقے کی آرا اور ان اقدامات کے عملی نتائج سے متعلق تفصیلات فراہم کرنے کیلئے تیار ہے۔


گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے ظفرالاسلام خان کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ، سنگجانی احتجاج کیس میں عبوری ضمانت منظور

عدالت نے مقدمے میں اسد قیصر کی گرفتاری سے روکتے ہوئے سرکار کو نوٹس جاری کردیا

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے پی ٹی آئی احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنما اور سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے۔جوڈیشل مجسٹریٹ محمد اظہر ندیم نے وارنٹ گرفتاری منسوخ کیے۔اسد قیصر اپنی وکیل عائشہ خالد کے ہمراہ پیش ہوئے۔عدالت نے عدم پیشی پر وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔جوڈیشل مجسٹریٹ کے پاس پی ٹی آئی احتجاج کیس کا ٹرائل زیرالتوا ہے۔

ڈاکٹر جاوید لغاری کی صدر آزاد کشمیر سے ملاقات، نئی کتاب گاڈ چپ پیش

اسلام آباد(این این آئی)آزاد جموں وکشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے سابق سینیٹر اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے سابق چیئرمین ڈاکٹر جاوید لغاری نے ملاقات کی اور انہیں منصب صدارت سنبھالنے پر مبارکباد (بقیہ 25 صفحہ 3پر)

پاکستان آذربائیجان کے ساتھ دوطرفہ تعاون کومزید وسعت دینے کا خواہاں ہے، عبدالعلیم خان

پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں سے تجارتی راہداریوں میں دلچسپی رکھتا ہے، وفاقی وزیر مواصلات

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں سے تجارتی راہداریوں میں دلچسپی رکھتا ہے۔تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان سے پاکستان میں آذربائیجان کے نئے سفیر عرفان داوودوف نے ملاقات کی۔ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین دوستانہ تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات نے عرفان داوودوف کا پاکستان میں تعیناتی پر خیرمقدم کرتے ہوئے مبارکباد دی اوران کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مواصلات سمیت اقتصادی و تجارتی تعاون بڑھانے پر گفتگو کی گئی۔وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان چین کے راستے وسط ایشیائی ریاستوں(بقیہ 44 صفحہ 3پر)

قومی اسمبلی اجلاس، فائیو جی سروس کے فروغ کے لیے کم قیمت موبائل فونز کی دستیابی کی کوششیں جاری

ملک بھر میں 5G سروس کی مکمل فراہمی میں مزید دو سال لگیں گے، سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی مواصلات

اسلام آباد(این این آئی)قومی اسمبلی کو بتایا گیا ہے کہ پاکستان میں فائیو جی سروسز کے فروغ کے لیے کم قیمت موبائل فونز کی دستیابی یقینی بنانے کی کوششیں جاری ہیں اوراس سلسلے میں پی ٹی اے اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے درمیان دو اجلاس ہو چکے ہیں، ملک بھر میں 5G سروس کی مکمل فراہمی میں مزید دو سال لگیں گے۔قومی اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران مختلف اراکین کے سوالوں کے جواب میں پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی(بقیہ 23 صفحہ 3پر)

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کے لیے ڈپٹی کمشنر کو ہدایات جاری کردیں

اسلام آباد(این این آئی)الیکشن کمیشن نے اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کے لیے ڈپٹی کمشنر کو ہدایات جاری کر دیں۔الیکشن کمیشن کے مطابق بلدیاتی انتخابات کا شیڈول 21 اکتوبر کو جاری کیا گیا تھا، کاغذات نامزدگی 2 نومبر سے آر اوز وصول کریں گے۔


گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو اور رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران ملاقات کر رہے ہیں

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں 24ارب کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف، ایک لاکھ سے زائد سرکاری ملازمین رقم لیتے رہے

مالی سال 20-2019میں سرکاری ملازمین اور پنشنرز نے بی آئی ایس پی سے 23ارب 13 کروڑ روپے وصول کیے

اسلام آباد (این این آئی)بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) میں 24ارب روپے کی مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے جہاں مبینہ طور پر ایک لاکھ 40ہزار 488 سرکاری ملازمین نے مستحق خاندانوں کے لیے مختص رقم وصول کی۔وزارت تخفیف غربت کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کردہ دستاویزات کے مطابق اربوں روپے کی بے ضابطگیوں کے مقابلے میں اب تک صرف 71 کروڑ روپے کی ریکوری ہوسکی ہے۔

نظام کی تبدیلی کیلئے عملی مخلصانہ جدوجہد کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق (بقیہ 24 صفحہ 3پر)

پاکستان کی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہونے کا خدشہ

زرمبادلہ کے ذخائر کو محفوظ رکھنے کیلئے شرح مبادلہ میں لچک برقرار رکھنے اور بڑھتی مہنگائی پر قابو پانے کیلئے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے پر زور

اسلام آباد(این این آئی)عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے خبردار کیا ہے کہ درآمدات میں اضافے اور ترسیلات زر کی رفتار میں کمی کے باعث پاکستان کی بیرونی مالیاتی پوزیشن کمزور ہوسکتی ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف نے زرمبادلہ کے ذخائر کو محفوظ رکھنے کیلئے شرح مبادلہ میں لچک برقرار رکھنے اور بڑھتی مہنگائی پر قابو پانے کیلئے مانیٹری پالیسی مزید سخت کرنے پر زور دیا ہے۔آئی ایم ایف نے پاکستان کے بارے میں یہ مشاہدات مشرق وسطیٰ اور وسطی ایشیا سے متعلق اپنی علاقائی رپورٹ میں پیش کئے۔

مظفرآباد، 24 اکتوبر کشمیریوں کا تاریخی دن ہے، چیئرپرسن زیڈ فاؤنڈیشن

ہمارے آباو اجداد نے بزورشمشیر یہ علاقہ ڈوگرہ سامراج سے آزاد کرایا

مظفرآباد(این این آئی)چیئرپرسن کے زیڈ کے فاؤنڈیشن ممتاز ماہر تعلیم وسماجی شخصیت محترمہ خدیجہ زرین خان نے کہا ہے کہ 24 اکتوبر کشمیریوں کی تاریخ کا وہ عظیم دن(بقیہ 22 صفحہ 3پر)

پارٹی گروپس خود چھوڑے، رہنما لانگ مارچ ناکامی پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی نہیں بنا رہے، مشعال یوسفزئی

پچھلے چند دنوں سے مشعال یوسفزئی کی جانب سے پارٹی قیادت پر تنقید بھی کی جارہی تھی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما سینیٹر مشعال یوسفزئی نے پارٹی گروپس چھوڑ دیے، پچھلے چند دنوں سے مشعال یوسفزئی کی جانب سے پارٹی قیادت پر تنقید بھی کی جارہی تھی۔نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے کہا کہ بیرسٹر گوہر کی جانب سے مشعال یوسفزئی کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کی بھی ہدایت کی گئی تھی اس حوالے سے مشعال یوسفزئی نے نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہا کہ میں نے پارٹی گروپس خود چھوڑے ہیں، لانگ مارچ کی ناکامی پر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بھی نہیں بنا رہے۔

غازی ملت اور مجاہد اول کے مشن کی تکمیل ہمارا اولین فریضہ ہے، سردار عتیق احمد خان

مسئلہ کشمیر اور فلسطین کے حل کے بغیر امن عالم کا قیام ممکن نہیں، پاکستان تمام تر مشکلات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے

مظفرآباد/دھیرکوٹ (این این آئی) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر وسابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ خطہ آزادکشمیر ہمارے عظیم قائدین کی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔غازی ملت اور مجاہد اول کے مشن کی تکمیل ہمارا اولین فریضہ ہے۔مسئلہ کشمیر اور فلسطین کے حل کے بغیر امن عالم کا قیام ممکن نہیں ہے۔۔ پاکستان تمام تر مشکلات سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ہندوستان دہشت گرد ملک کے طور پر سامنے آیا ہے۔

جمعیت علمائے اسلام کی قومی اسمبلی میں مخصوص نشست کا کیس آئینی عدالت میں سماعت 29اکتوبر کیلئے مقرر

چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 29 اکتوبر کو سماعت کرے گا، جسٹس علی باقر نجفی دو رکنی بنچ کا حصہ ہونگے

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی آئینی عدالت نے جمعیت علما اسلام کی قومی اسمبلی میں خاتون کی مخصوص نشست کی نامزدگی سے متعلق کیس سماعت کیلئے مقرر کردیا۔چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 29 اکتوبر کو سماعت کرے گا،جسٹس علی باقر نجفی دو رکنی بنچ کا حصہ ہونگے۔وفاقی آئینی عدالت نے مقدمے کے فریقین کو نوٹس جاری کر دیا، جمعیت علما اسلام نے صدف یاسمین کو مخصوص نشست کیلئے نامزد کیا تھا۔

این سی سی آئی اے کی کارروائی، ریاستی اداروں کیخلاف منفی پروپیگنڈا میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم ریاستی اداروں اور حکومتی شخصیات کے خلاف سوشل میڈیا پر جعلی اور توہین آمیز مواد پھیلاتا تھا

لاہور(این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے لاہور میں کارروائی کرکے ریاستی اداروں کے خلاف منفی پروپیگنڈا میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔این سی سی آئی اے ترجمان کے مطابق ملزم ریاستی اداروں اورحکومتی شخصیات کے خلاف سوشل میڈیا پر جعلی اور توہین آمیز مواد پھیلاتا تھا۔ترجمان کے مطابق ملزم کے قبضہ سے موبائل فون برآمد کیا گیا جس سے قابل اعتراض مواد کی ترسیل کے شواہد ملے،ملزم نے ابتدائی تفتیش میں سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد شیئر کرنے کا اعتراف کرلیا۔

گوادر میں حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین، ہر سازش بہادری سے ناکام بنائیں گے، حنیف عباسی

وطن عزیز کے دفاع اور پائیدار امن وسلامتی کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے گوادر میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کا بزدلانہ حملہ ناکام بنانے اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے سات دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔وزارت ریلوے کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور غیرمعمولی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے۔وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں واضح کیا کہ وطن عزیز کے دفاع اور پائیدار امن وسلامتی کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اوراستحکام کے خلاف رچی جانے والی ہر سازش کو اسی عزم، جرات اور بہادری کے ساتھ ناکام بنایا جاتا رہے گا۔

طالبان کو پناہ دینے کے کیس میں 14 سال سزا کیخلاف اپیل، سپریم کورٹ کا اٹارنی جنرل کو نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے طالبان کو پناہ دینے کے کیس میں 14 سال سزا کے خلاف اپیل پر اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 25ویں آئینی ترمیم کے بعد سابقہ فاٹا کے کیسز کے دائرہ سماعت پر معاونت طلب کر لی۔جسٹس ملک شہزاد احمد خان کی سربراہی میں جسٹس عقیل احمد عباسی پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے سماعت کی۔

وزارت خزانہ کے سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ کی سالانہ مالی رپورٹ جاری

وزارت بحری امور کے تین ادارے ملک کے 10 منافع بخش سرکاری اداروں میں شامل

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خزانہ کے سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ نے مالی سال 25-2024 کی سالانہ رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق وزارت بحری امور کے تین ادارے ملک کے 10 منافع بخش سرکاری اداروں میں شامل ہوگئے ہیں۔رپورٹ کے مطابق کراچی پورٹ ٹرسٹ منافع بخش سرکاری اداروں کی فہرست میں چھٹے، پورٹ قاسم اتھارٹی ساتویں جبکہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن دسویں نمبر پر ہے،ان اداروں کی مالی کارکردگی کو بحری شعبے کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔


ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایت پر سپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ بھوسہ منڈی، لنک بادینی روڈ اور ایسٹرن بائی پاس پر گرانفروشوں اور ناقص صفائی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں

معصوم بچوں سے زیادتی اور فحش ویڈیو بنا کر عالمی سطح پر بیچنے والے چار ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 50سے 60بچوں کی غیراخلاقی ویڈیوز برآمد ہوئیں، ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے

اسلام آباد(این این آئی)معصوم بچوں کو بلیک میل کرکے زیادتی اوران کی فحش ویڈیو بنا کر پاکستان اور بین الاقوامی سطح پر بیچنے والے گینگ کے چار مرکزی ملزمان گرفتار ہوگئے،ملزمان کے قبضے سے 50سے 60بچوں کی غیراخلاقی ویڈیوز برآمد ہوئیں۔ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے اسلام آباد محمد شعیب خان نے جمعہ کے روز یہاں پریس کانفرنس کرتے(بقیہ 27 صفحہ 3پر)

دالبندین اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 5.1 ریکارڈ

زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹر مشرق میں تھا،لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان کے علاقے دالبندین اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلے کی شدت ریکٹر اسکیل پر 5.1 ریکارڈ کی گئی۔زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز دالبندین سے 15 کلومیٹر مشرق میں تھا جبکہ گہرائی 35 کلو میٹر زیر زمین تھی۔زلزلے کے نتیجے میں تاحال کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں(بقیہ 28 صفحہ 3پر)

میونسپل کمیٹی قلات کے غریب ملازمین گزشتہ دو ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے شدید مالی مشکلات کا شکار

قلات (این این آئی) میونسپل کمیٹی قلات کے غریب ملازمین گزشتہ دو ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کی وجہ سے شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ عارضی ملازمین(بقیہ 26 صفحہ 3پر)

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے سرکاری نرخنامے سے زائد قیمت پر آٹا فروخت کرنے والے 8ہول سیل ڈیلرز کو گرفتار کرلیا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی شہر کے مختلف علاقوں میں آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 8ہول سیل ڈیلرز گرفتار اور جیل منتقل کر دیا گیا۔

ہوائی اڈوں پر کسٹمز کے نظام میں مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے، بلال اظہر کیانی

وزیراعظم ایف بی آر اور کسٹمز میں اصلاحات، شفافیت کے فروغ اور بدعنوانی کے خاتمے پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد(این این آئی)وزیرمملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی نے سینٹ کو بتایا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف ایف بی آر اور کسٹمز کے نظام میں اصلاحات، بدعنوانی کے خاتمے اور نجی شعبے سے بہترین صلاحیتوں کے حامل افراد کو حکومتی نظام کا حصہ بنانے پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں، کسٹمز میں شفافیت کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی فیس لیس کسٹمز کا نظام متعارف کرایا گیا ہے جس سے بہتری آئی ہے۔ جمعہ کو سینٹ میں سینیٹر شہادت اعوان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیرمملکت نے کہا کہ بدعنوانی جیسے مسائل کے وجود سے انکار کرنا حقیقت پسندانہ طرز عمل نہیں، حکومت ان مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی توجہ ایف بی آر میں اصلاحات (بقیہ 46 صفحہ 3پر)

سہیل آفریدی محفوظ ہاتھوں میں ہیں، دہشتگرد اور سہولت کاردونوں کے خلاف کارروائی ہوگی، فیصل کریم کنڈی

اب دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں گراؤنڈ پر نظر آئیں گی، پاکستان کے اندر دہشت گردوں کے ہینڈلرز موجود ہیں، گورنر کے پی

پشاور(این این آئی)خیبرپختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے واضح کیا ہے کہ ایپکس کمیٹی میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ دہشت گرد اور سہولت کار دونوں کیخلاف کارروائی ہوگی۔

دالبندین میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ، عوام اور تاجر برادری پریشان؛ چیف کیسکو سے نوٹس لینے کا مطالبہ

دالبندین (این این آئی)دالبندین میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور بدترین لوڈشیڈنگ کے باعث گھریلو صارفین اور تاجر برادری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔عوامی حلقوں اور تاجر برادری نے چیف کیسکو سے مطالبہ کیا ہے کہ دالبندین میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے۔

بھاگ جعفرآباد میں مختلف واقعات میں ایک شخص ہلاک جبکہ چھ افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بھی بھاگ اور جعفرآباد مختلف فائرنگ کے واقعات و حادثات میں ایک شخص ہلاک چھ افراد زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کی کاروائی تین افراد کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق جعفرآباد ڈیرہ اللہ یار کے قریب پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کی حدود دھنڈیر شاخ پٹھان ڈپ(بقیہ 34 صفحہ 3پر)


جعفرآباد، اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کالرہ سول ہسپتال کا دورہ کررہے ہیں

سینیٹر روبینہ خالد کا بیگم نصرت بھٹو کی برسی پرخراج عقیدت

پاکستان پیپلز پارٹی کی جمہوری جدوجہد میں بیگم نصرت بھٹو کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی، چیئرپرسن بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام

اسلام آباد (این این آئی)چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کی جدوجہد کی علامت تھیں۔سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی بحالی اور آمریت کے خلاف جدوجہد میں ناقابل فراموش کردار ادا کیا،بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے دور میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں مگر اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔


استا محمد، اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون ڈسٹرکٹ ہسپتال میں حاضری رجسٹر چیک کررہی ہیں

وزیراعظم شہباز شریف نے کیے گئے مطالبات منظور کر لیے، گورنر کے پی

دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے

پشاور(این این آئی) خیبر پختون خوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کیے گئے مطالبات منظور کر لیے ہیں،صوبے کو مزید فنڈز فراہم کرنے پر بھی آمادگی کا اظہار کیا ہے،دہشت گردی کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، صوبے کی ترقی کے لیے بھی وفاق کے سامنے اپنا مقدمہ لڑیں گے، اضاخیل گندم اسکینڈل کے ذمے داروں کو نتائج بھگتنا پڑیں گے۔

لسبیلہ میں مسافر بس اور وین کے درمیان خوفناک تصادم، 12افراد جاں بحق، 22زخمی

حادثے میں زخمی ہونے والے 7افراد کی حالت تشویشناک ہے، انچارج ایدھی لسبیلہ ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں اوتھل پوائنٹ کے قریب مسافر بس اور وین کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں 12افراد جاں بحق ہوگئے۔پولیس ذرائع نے تصدیق کی کہ حادثے کا شکار ہونے والی بس لسبیلہ سے کراچی جا رہی تھی۔اوتھل پوائنٹ کے قریب دونوں گاڑیوں کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں بھاری جانی نقصان ہوا۔

پاکستان مکمل تیار اور اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

افغانستان سے دہشتگردی پاکستان میں آرہی ہے، یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے، سجاد حیدر خان

اسلام آباد(این این آئی)دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کی بات کی، پاکستان مکمل تیار ہے اور اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے۔ہفتہ وار نیوز بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ افغانستان سے دہشتگردی پاکستان میں آرہی ہے۔

وفاق خیبرپختونخوا کو مزید فنڈز دینے کو تیار ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی)وزیرمملکت طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کو دہشتگردی سے متاثرہ علاقوں کے لیے مزید فنڈز دینے کو تیار ہے جبکہ صوبے کو این ایف سی کے تحت ایک فیصد اضافی حصہ بھی دیا جاتا ہے۔

اسحاق ڈار کی مصری وزیرخارجہ سے ملاقات، مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید تیز کرنے پر اتفاق

استنبول(این این آئی)نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور مصر کے وزیرخارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی نے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، کاروباری اداروں کے درمیان روابط، زراعت، ادویہ (بقیہ 20 صفحہ 3پر)

غیرملکی خاتون سے مبینہ زیادتی کیس، عبوری ضمانت میں توسیع کے باوجود ملزم گرفتار

اسلام آباد(این این آئی)غیرملکی خاتون ڈیانا سے زیادتی کے مقدمے میں سیشن کورٹ نے ملزم تنویر کی عبوری ضمانت میں 27اکتوبر تک توسیع کردی، تاہم پولیس نے(بقیہ 19 صفحہ 3پر)

وقت کی کمی کے باعث زیر بحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایوان میں سوالات کی کارروائی کو موثر اور بروقت مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے تجویز دی ہے کہ وقت کی کمی کے باعث زیر بحث نہ آنے والے سوالات کو پڑھا ہوا تصور کیا جائے تاکہ اگلے روز کے سوالات کی کارروائی متاثر نہ ہو۔

مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت کے لیے جدوجہد اور قربانیاں تاریخ کا ناقابل فراموش باب ہیں، سید نیر حسین بخاری

اسلام آباد(این این آئی) سیکرٹری جنرل پاکستان پیپلز پارٹی سید نیر حسین بخاری نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کے یوم وفات پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت،(بقیہ 18 صفحہ 3پر)

گوادر میں دہشت گردوں کا حملہ ناکام، دس دہشت گرد ہلاک، ایک شہری شہید، آئی ایس پی آر

کوئٹہ(این این آئی)بلوچستان کے ضلع گوادر میں سیکورٹی فورسز نے "فتنۃ الہندوستان" کے بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کی کارروائیوں کو ناکام بناتے ہوئے ایک خاتون سمیت دس دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

پاکستان اور دنیا بھر میں پاکستانی سفارتی مشنز پر ای پاسپورٹ کا اجرا شروع

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں پاکستانی سفارتی مشنز پر ای پاسپورٹ کا اجرا شروع کردیا گیا، ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کے مطابق وزیراعظم پاکستان کے وژن اور وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایات (بقیہ 29 صفحہ 3پر)

اسحاق ڈار کا چین میں زلزلے سے ہونے والے جانی ومالی نقصان پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد(این این آئی)نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے چین میں شدید زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔

گڈانی میں ایک ماہ سے پانی کا بحران، عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

حب(این این آئی) گڈانی میں گزشتہ ایک ماہ سے پینے کے پانی کی شدید قلت کے باعث شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے محکمہ پی ایچ ای گڈانی کے عوام کو پینے کا پانی(بقیہ 30 صفحہ 3پر)

ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے ضمانت منسوخ ہونے پر قتل کیس میں نامزد شبنم عمرانی کو گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میر نوریز خان عمرانی قتل کیس عدالت سے ضمانت منسوخ ہونے پر پولیس نے میڈم شبنم عمرانی کو گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق تمبو میں جاری زرعی اراضیات تنازعے کے تناظر میں گزشتہ ماہ بابا کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں قتل ہونے والے میر نوریز خان عمرانی (بقیہ 23 صفحہ 3پر)

نصیرآباد میں 6 کلوگرام دیسی ساختہ بم ناکارہ بنادیا گیا

کوئٹہ(این این آئی)نصیرآباد میں 6 کلوگرام دیسی ساختہ بم کو ناکارہ بنا کر دہشت گردی کی کارروائی ناکام بنادی گئی۔بلوچستان کے ضلع نصیرآباد میں پولیس، کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی)اور بم ڈسپوزل اسکواڈ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ 33 صفحہ 3پر)

جنوبی وزیرستان میں آپریشن کے متاثرین میں 117ارب روپے تقسیم کئے جاچکے ہیں، وزیرمملکت

وفاقی حکومت متاثرین کو 65ارب روپے کے بقایا جات دینے کو تیار ہے، طلال چوہدری کی سینیٹ میں بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی)وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے جنوبی وزیرستان میں آپریشن کے متاثرین میں 117 ارب روپے تقسیم کئے جاچکے ہیں۔سینٹ میں 2008-2009 کے دوران خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کے آپریشنز کے متاثرین کو معاوضہ دینے کے معاملے پر توجہ دلا نوٹس کا جواب دیتے ہوئے وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا وفاقی حکومت متاثرین کو 65ارب روپے کے بقایا جات دینے کو تیار ہے۔

خیبرپختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا، رانا ثنااللہ

دہشتگردی کے خاتمے کے ایجنڈے میں جو شامل نہیں ہوگا وہ مائنس ہوگا، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما، وزیراعظم کے مشیر، سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے ایجنڈے میں جو شامل نہیں ہوگا وہ مائنس ہو گا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی سیاسی جماعت جو پورے خلوص کے ساتھ فورسز کے ساتھ کھڑی نہیں ہوگی وہ مائنس ہو جائے گی۔رانا ثنا اللہ نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہی ترجیح ہے، دہشت گردی کو ختم کیے بغیر لوگوں کی زندگی کو بہتر نہیں کیا جاسکتا، دہشت گردی کے خلاف پوری قوم کو متحد ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے دہشت گردی کا قلع قمع کیا جائے گا،گورنر کے پی نے160ارب روپے کا تقاضہ کیا،جس کی وزیراعظم نے فوری منظوری دی۔رانا ثنا اللہ (بقیہ 45 صفحہ 3پر)

پی ٹی آئی کے دور حکومت میں سونے کی کان کنی کے اربوں روپے کے ٹھیکوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

دریائے سندھ اور دریائے کابل کے کنارے پلیسر گولڈ کی نیلامیوں میں بے ضابطگیوں سے متعلق نیب کے سنگین اعتراضات سامنے آگئے

اسلام آباد(این این آئی)خیبرپختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کے دور میں سونے کی کان کنی کے اربوں روپے کے ٹھیکوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے،دریائے سندھ اور دریائے کابل کے کنارے پلیسر گولڈ کی نیلامیوں میں بے ضابطگیوں سے متعلق نیب کے سنگین اعتراضات سامنے آگئے۔خیبرپختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کے دور میں دریائے سندھ اور دریائے کابل کے کنارے سونے کی تلاش اور کان کنی کے اربوں روپے کے ٹھیکوں میں(بقیہ 21 صفحہ 3پر)


استا محمد، ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال ڈیجیٹل لائبریری کا دورہ کررہے ہیں

وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کی ماڈل چائلڈ کورٹ قائم

یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ کے تعاون سے انٹرایکٹو ریسورس سینٹر بھی بنایا گیا

اسلام آباد (این این آئی)اسلام آباد وفاقی جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کیلئے ماڈل چائلڈ کورٹ اور انٹرایکٹو ریسورس سینٹر قائم کردیا گیا۔جوڈیشل اکیڈمی میں بچوں کے حقوق اور بہترین مفادات کے تحفظ کیلئے خصوصی عدالتی مرکز کا افتتاح کیا گیا۔وفاقی جوڈیشل اکیڈمی، یونیسیف اور گروپ ڈیولپمنٹ پاکستان نے مشترکہ طور پر ماڈل چائلڈ کورٹ اورانٹرایکٹو ریسورس سینٹر بنایا،ماڈل چائلڈ کورٹ بچوں کیلئے دوستانہ عدالتی طریقہ کار متعارف کرانے کی کوششوں کا تسلسل ہے۔

بلوچستان میں نئے صوبوں کے ساتھ چھوٹے ڈویژنز اور اضلاع بنانا بھی ضرورت ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

انتظامی یونٹس چھوٹے ہوں تو سول حکومت اور محکموں تک عوام کو رسائی میں آسانی ہوگی، میڈیا سے گفتگو

ڈیرہ بگٹی (این این آئی)وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں عوام کی دہلیز پر اداروں کی موجودگی یقینی بنانے کے لیے چھوٹے انتظامی یونٹس ناگزیر ہیں اور بلوچستان میں نئے صوبوں کے ساتھ چھوٹے ڈویژنز اور اضلاع بنانا بھی ضرورت ہے۔شمالی ڈیرہ بگٹی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سرفراز بگٹی نے کہا کہ کوہ سلیمان ڈویژن کی تمام ڈویژنل پوسٹوں کی منظوری دے دی گئی ہے، کوہ سلیمان ڈویژن کی منظور شدہ پوسٹوں پر افسران وعملہ بہت جلد تعینات کردیا جائے گا۔

جنوبی خیبرپختونخوا میں امن کی بحالی اور منشیات کیخلاف فوری کارروائی کیلئے عوام کی اپیل

ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت اور بنوں میں پائیدار امن کے قیام کیلئے نئے کونسلرز موثر کردار ادا کریں، شہری

پشاور(این این آئی) گورنر راج کے بعد جنوبی خیبر پختونخوا میں امن کی بحالی اور منشیات کیخلاف فوری کارروائی کیلئے عوام نے اپیل کر دی ہے۔شہریوں نے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سرعام منشیات کے استعمال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے نوجوان نسل کو نشے کی لعنت سے بچانے کا مطالبہ کر دیا۔جنوبی خیبر پختونخوا کے شہریوں نے مطالبہ کیا کہ منشیات فروشوں، اسمگلروں اور غیرقانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلاامتیاز سخت کارروائی کی جائے۔

مستحکم کاروباری ماحول اور مسلسل سرمایہ کاری کے بغیر پاکستان پائیدار معاشی ترقی حاصل نہیں کرسکتا، قیصر احمد شیخ

مضبوط کاروباری نمو، پائیدار سرمایہ کاری اور سازگار کاروباری ماحول پاکستان کی معیشت کی ترقی کے بنیادی ضامن ہیں، قیصر احمد شیخ

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ مضبوط کاروباری نمو، پائیدار سرمایہ کاری اور سازگار کاروباری ماحول پاکستان کی معیشت کی ترقی کے بنیادی ضامن ہیں۔جمعہ کو وفاقی وزیر نے ینگ انٹرپرینیورز سمٹ 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی جہاں انہوں نے نوجوان چیف ایگزیکٹو افسران) سی ای اوز(، جدت کاروں اور ابھرتے ہوئے صنعت کاروں کی حوصلہ افزائی کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مستحکم کاروباری ماحول اور مسلسل سرمایہ کاری کے بغیر پاکستان پائیدار معاشی ترقی حاصل نہیں کرسکتا، کاروبار کا فروغ، برآمدات میں اضافہ اور معاشی استحکام ملک کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔قیصر احمد شیخ نے کہا کہ بورڈ (بقیہ 43 صفحہ 3پر)

بلاول بھٹو کہہ چکے ہیں کے پی میں ایمرجنسی لگانا ہماری مجبوری تھی، شازیہ مری

کے پی میں دہشت گردی کی لہر دوسرے صوبوں تک بھی پھیل سکتی تھی، رہنما پیپلز پارٹی کی میڈیا سے گفتگو

سانگھڑ (این این آئی) پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شازیہ مری نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کہہ چکے ہیں کے پی میں ایمرجنسی لگانا ہماری مجبوری تھی، جب وزیراعلیٰ وفاق سے جنگ کرنے کی تیاری کرے تو پھر اسے حکومت کرنے کا کیا حق ہے؟۔میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے شازیہ مری نے کہا کہ ہم نے بار بار کہا آئین کے دائرے میں رہ کر احتجاج کریں۔

شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے ضبط شدہ سامان کی نیلامی کے نئے قواعد تیار

ضبط شدہ سامان کی نیلامی اب الیکٹرانک نظام کے ذریعے کی جائیگی، دستاویز

اسلام آباد(این این آئی)ایف بی آر نے شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ضبط شدہ سامان کی آن لائن نیلامی کے نئے قواعد تیار کر لیے، سیلز ٹیکس رولز 2026 میں نیا باب شامل کر دیا گیا، نئے ای آکشن سسٹم کے تحت فراڈ ثابت ہونے پر نیلام شدہ سامان واپس لینے کا اختیار ہوگا جبکہ اسلحہ، منشیات اور جعلی اشیا کی نیلامی پر مکمل پابندی عائد ہوگی۔

مقبوضہ کشمیر،3 کشمیریوں کی جائیدادیں ضبط کر لی گئیں

زرعی اراضی کو غیرقانونی سرگرمیاں کی روک تھام کے کالے قانون (یواے پی اے(کے تحت ضبط کرلیا گیا

سرینگر(این این آئی)بھارتی پولیس نے غیرقانونی طور پر قبضہ جموں وکشمیر میں ضلع کپواڑہ کے علاقے ہندواڑہ میں تین کشمیری کارکنوں کی زرعی اراضی کو غیرقانونی سرگرمیاں کی (بقیہ 31 صفحہ 3پر)


لاہور، جماعت اسلامی کے کارکنان نے پٹرولیم لیوی کے خلاف لاہور پریس کلب کے باہر دھرنا دے رکھا ہے